www.dailypakistanbulletin.PK

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعرات، 30 اکتوبر 2025ء بمطابق 07 جمادی الاول 1447ھ | شمارہ 96 | قیمت 10 روپے

فورسز کی کرم میں کارروائی، 7 خوارج ہلاک، کیپٹن اور 5 جوان شہید

ضلع کرم میں بھارتی پراکسی فتن الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کی گئی

پاک فوج کے کیپٹن نعمان سلیم، حوالدار امجد علی، نائیک وقاص احمد، سپاہی اعجاز علی، ولید اور شہباز کے ساتھ شہادت کے رتبے پر فائز ہوگئے

دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے آپریشن جاری ہے، انسداد دہشت گردی کی عزم استحکام مہم پورے عزم کے ساتھ جاری ہے، آئی ایس پی آر

کرم (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں بھارتی پراکسی فتن الخوارج کے خلاف کارروائی کر کے 7 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں کپتان سمیت پاک فوج کے 6 اہلکار شہید ہوئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ضلع کرم کے علاقے ڈوگار میں بھارتی حمایت یافتہ فتن الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کی۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے سیکیورٹی اہلکاروں نے بھرپور کارروائی کرتے ہوئے 7 خوارج کو ہلاک کردیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے کے دوران پاک فوج کے 24 سالہ کیپٹن نعمان سلیم دیگر 5 اہلکاروں کے ساتھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

وزیر دفاع

سرحدی خلاف ورزی پر افغانستان کے اندر جا کر جواب دینا پڑا تو دینگے

اگر طالبان رجیم لڑنے کی کوشش کرے گی تو دنیا دیکھے گی کہ ان کی دھمکیاں صرف دکھاوا تھیں، پاکستان اپنی سرزمین پر کسی بھی دہشت گردانہ یا خودکش حملے کو برداشت نہیں کرے گا اور کسی بھی مہم جوئی کا جواب سخت اور کڑوا ہوگا

طالبان رجیم کو ختم کرنے یا انہیں غاروں میں چھپنے پر مجبور کرنے کیلئے پاکستان کو اپنی پوری طاقت استعمال کرنے کی ہرگز ضرورت نہیں، افغان طالبان اپنے انجام کا حساب رکھیں، پاکستان کو آزمانا مہنگا ثابت ہوگا: خواجہ آصف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ طالبان رجیم کو چاہیے کہ اپنے انجام کا حساب ضرور رکھیں، پاکستان کے عزم اور صلاحیتوں کو آزمانا طالبان کیلئے بہت مہنگا ثابت ہوگا، کسی بھی مہم جوئی کا جواب سخت ہوگا، ہم طالبان کو دوبارہ غاروں میں دھکیلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے استنبول مذاکرات کے بے نتیجہ ہونے پر کہا ہے کہ افغان طالبان رجیم مسلسل برادر ممالک سے مذاکرات کیلئے درخواست کر رہی تھی اور برادر ممالک ہی کی درخواست پر پاکستان نے افغان طالبان رجیم کے ساتھ امن کی خاطر مذاکرات کی پیشکش کو قبول کیا۔ انہوں نے کہا کہ بعض افغان حکام کے زہریلے بیانات یہ ظاہر کرتے ہیں کہ طالبان رجیم میں انتشار اور دھوکہ دہی بتدریج موجود ہے، پاکستان یہ واضح کرتا ہے کہ طالبان رجیم کو ختم کرنے یا انہیں غاروں میں چھپنے پر مجبور کرنے کیلئے پاکستان کو اپنی پوری طاقت استعمال کرنے کی ہرگز ضرورت نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ضرورت پڑی تو ہم انہیں تورا بورا جیسے مقامات پر شکست دے کر لوگوں کیلئے مثال بنا سکتے ہیں جو اقوام عالم کیلئے دلچسپ منظر ہوگا، افسوس ہوتا ہے کہ طالبان رجیم صرف اپنی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

ای چالان کا نفاذ، ایم کیو ایم کی سندھ اسمبلی میں تحریک التوا جمع

ٹوٹی پھوٹی سڑکیں شدید مشکلات اور حادثات کا باعث بن رہی ہیں

شہریوں کے پاس عوامی ٹرانسپورٹ کے قابل عمل آپشنز موجود نہیں، انجینئر عادل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہریوں پر ای چالان کے نفاذ کا معاملہ سندھ اسمبلی پہنچ گیا، ایم کیو ایم نے سندھ اسمبلی میں تحریک التوا جمع کرادی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں شہریوں پر ای چالان کے نفاذ کے خلاف ایم کیو ایم پاکستان کے رکن سندھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کے جمہوری دن پر منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

سہیل آفریدی

26 ویں ترمیم نے ہمارے ججوں کو مفلوج کردیا

قانون کی بالادستی اور آزاد عدلیہ اور آزاد میڈیا کی بحالی کے لیے متحد ہو کر کام کرنا ہوگا، ہم ان سب کے لیے مل کر کام کریں گے

ہم نے پاکستان میں رول آف لا کو نافذ کرنا ہے، ہم پہلی سے لے کر ہائر تک یکساں تعلیمی نظام لا رہے ہیں، سہیل آفریدی

سنا ہے کہ میں یہاں بار کونسل کے انتخابات پر اثر انداز ہونے کے لیے آرہا ہوں، میں یہاں صرف رول آف لا کے لیے آیا ہوں

اگر کوئی یہ کہہ رہا ہے آگ لگی ہوئی ہے اور میرا گھر نہیں جلے گا تو اس کی سوچ ہے گھر اس کا بھی جلے گا، وزیراعلیٰ کے پی کا خطاب

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 26 ویں ترمیم نے ہمارے ججوں کو مفلوج کردیا، اگر آج کوئی یہ کہہ رہا ہے کہ آگ لگی ہوئی ہے اور میرا گھر نہیں جلے گا تو ان کی سوچ ہے ان کے بھی گھر جلیں گے۔ پشاور میں وکلا کی تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پارٹیاں اور نظریے چلتے رہیں گے مگر پاکستان میں جس طرح رول آف لا کو کچلا جارہا ہے اور 26 ویں ترمیم کے ذریعے جس طرح عدالتوں کو مفلوج کیا گیا یہ بات سب جانتے ہیں، میں سارے بار رومز اور ایسوسی ایشنز کا وزیراعلیٰ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میری عمران خان سے ملاقات نہ کرانے کے معاملے پر میں نے بحیثیت وزیراعلیٰ، پنجاب حکومت کو خط لکھنے کا کہا اس کے بعد وزیراعظم کا فون آیا تو انہیں بتایا پھر میں نے عدالت سے رجوع کیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

پی ٹی آئی وفد کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

وفد نے مولانا سے پارلیمنٹ میں اپوزیشن کو متحد کرنے کیلئے کردار ادا کرنے کی اپیل کی

ملاقات میں محمود خان اچکزئی کے بطور اپوزیشن لیڈر نامزدگی پر بھی اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے وفد کی جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات ہوئی ہے جس میں محمود خان اچکزئی کے بطور اپوزیشن لیڈر نامزدگی پر اتفاق کیا گیا۔ پی ٹی آئی کا وفد اسلام آباد میں مولانا فضل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

ریاض: وزیراعظم شہباز شریف سے ریاض سے روانگی پر ڈپٹی گورنر ریاض الوداع کر رہے ہیں

وزیراعظم آزاد کشمیر نے مستعفی ہونے کے لئے شرط عائد کردی

مظفر آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم آزاد کشمیر چودھری انوار الحق نے مستعفی ہونے کے لئے شرط عائد کردی۔ ذرائع کے مطابق چودھری انوار الحق نے حامی وزرا اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے سی ایس کے نابینا کوالیفائر ایرل حسین ملاقات کر رہے ہیں

سہیل آفریدی لہجہ درست کرلیں تو شاید مشکلات حل ہوجائیں، رانا ثناء



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور، سینیٹر رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اپنا لہجہ اور الفاظ درست ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

چودھری یاسین نئے وزیراعظم آزاد کشمیر، پیپلز پارٹی نے منظوری دیدی

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد بھی آئندہ 24 گھنٹے میں پیش کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آزاد کشمیر میں ان ہاؤس تبدیلی کا معاملہ، پیپلز پارٹی نے وزیراعظم کے امیدوار کا نام فائنل کرلیا۔ ذرائع کے مطابق مرکزی قیادت نے وزارت عظمیٰ کیلئے چودھری یاسین کی منظوری دے دی، چودھری یاسین کا نام بلاول بھٹو کے ساتھ اجلاس میں اناؤنس کیا گیا۔ پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی قیادت اجلاس میں موجود تھی، پیپلز پارٹی میں وزارت عظمیٰ کے لئے چار ناموں پر غور ہورہا تھا۔ ذرائع کے مطابق وزارت عظمیٰ کی فہرست ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

سہیل آفریدی کا توہین عدالت کیس دائر کرنے کیلئے عدالت کو خط

اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزیراعلیٰ کو بانی چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کا حکم دیا تھا، خط

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے توہین عدالت کیس دائر کرنے کے لیے عدالت کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ کو بانی چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کا حکم دیا تھا، جیل انتظامیہ نے وزیراعلیٰ کو ملنے کی اجازت نہیں دی۔ وزیراعلیٰ کے پی نے خط میں کہا کہ تصدیق شدہ کاپی کے حصول کے لیے درخواست پہلے ہی جمع کرائی جا چکی ہے، تاہم اب تک تصدیق شدہ کاپی فراہم نہیں کی گئی۔ خط میں کہا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

چیئرمین نیب

اصول بنالیا ہے کسی کی پگڑی نہیں اچھالیں گے

نیب نے اڑھائی سال میں 8 ہزار 397 ارب روپے کی ریکارڈ ریکوری کی، 23 سال کے دوران 883 ارب روپے ریکور کیے

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے بیان پر تحقیقات کا آغاز کردیا ہے، کسی وزیر یا پارلیمنٹرین کو طلب نہیں کرتے، چیئرمین نیب

ہمارا مقصد خوف و ہراس پیدا کرنا نہیں ان لوگوں کو پکڑنا ہے جو قومی اثاثوں کی لوٹ مار میں ملوث ہیں، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا ہے کہ اصول بنالیا ہے کہ کسی کی پگڑی نہیں اچھالیں گے۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد کا اسلام آباد کے سینئر صحافیوں کے ساتھ پہلا باقاعدہ مکالمہ ہوا، اس ملاقات میں ڈپٹی چیئرمین نیب جسٹس (ر) سہیل ناصر، ڈی جی نیب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

سیاست یا مذہب کی آڑ میں انتہا پسندی قبول نہیں، مریم نواز

سیکورٹی اہلکاروں کو غزہ کے نام پر احتجاج کے دوران گولی ماری گئی، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ سیاست یا مذہب کی آڑ میں انتہا پسندی، ہتھیار اٹھانا، املاک جلانا قبول نہیں ہے۔ لاہور میں اتحاد بین المسلمین کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں سفارت خانوں کا احترام کیا جاتا ہے، فلسطینی جشن منا رہے تھے اور انتشاری ٹولہ لوگوں پر تشدد کر رہا تھا، سیکورٹی اہلکاروں کو غزہ کے نام پر احتجاج کے دوران گولی ماری گئی، میرے پاس جو تشدد کی تصاویر آئی ہیں آپ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

امید ہے ہائیکورٹ میں ہمیں ریلیف ملے گا، بیرسٹر گوہر

الیکشن کمیشن کے پاس ریفرنس کے بغیر کسی سینیٹر کو نا اہل کرنے کا اختیار نہیں

سپریم کورٹ آئینی بنچ کے سامنے شبلی فراز کی درخواست پر سماعت تھی، گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کے پاس اختیار نہیں کہ چیئرمین سینیٹ کے ریفرنس کے بغیر کسی سینیٹر کو نا اہل کرے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

سرکاری گاڑیوں کا ذاتی استعمال، شرجیل میمن کی سخت کارروائی کی ہدایت

تمام گاڑیوں کا ڈیجیٹل ریکارڈ تیار کیا جائے تاکہ نگرانی موثر اور شفاف بنائی جاسکے، سندھ کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے کفایت شعاری کا اجلاس

سینئر وزیر کے اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے سرکاری گاڑیوں (وہیکلز) کی الاٹمنٹ اور استعمال سے متعلق تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سرکاری گاڑیوں کے ذاتی استعمال یا غیر مجاز مقاصد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، تمام گاڑیوں کا ڈیجیٹل ریکارڈ تیار کیا جائے تاکہ نگرانی موثر اور شفاف بنائی جاسکے۔ سندھ کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے کفایت شعاری کا سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی صدارت اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، وزیر برائے ایکسائز و ٹیکسیشن مکیش کمار چاولہ، وزیر برائے داخلہ، قانون و پارلیمانی امور ضیاالحسن لنجار، وزیر برائے جیل خانہ جات و ورکس اینڈ سروسز علی حسن زرداری، متعلقہ محکموں کے سیکریٹریز اور اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن تاج حیدر پل کے دورے پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

اسرائیلی فوج کی وحشیانہ بمباری سے مزید 100 فلسطینی شہید

منگل کی رات نیتن یاہو کے حکم کے بعد اسرائیلی طیاروں نے غزہ شہر پر دوبارہ فضائی حملے شروع کیے، ایک میزائل الشفا اسپتال کے پیچھے گرا

اسرائیلی فوج نے غزہ شہر کے مختلف مقامات پر حملے کیے، اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے اسرائیلی فوج کو غزہ میں فوری اور شدید حملوں کا حکم دیا تھا

غزہ (ویب ڈیسک) اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو کے حکم کے بعد اسرائیلی طیاروں کی جانب سے غزہ شہر پر کی گئی وحشیانہ بمباری میں 100 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے۔ گزشتہ روز اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے اسرائیلی فوج کو غزہ میں فوری اور شدید حملوں کا حکم دیا تھا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق یہ فیصلہ حماس کی جانب سے جنگ بندی معاہدے کی مبینہ خلاف ورزی کے جواب میں کیا گیا۔ جنوبی غزہ کے علاقے رفح میں اسرائیلی فوجیوں پر حملہ ہوا۔ منگل کی رات نیتن یاہو کے حکم کے بعد اسرائیلی طیاروں نے غزہ شہر پر دوبارہ فضائی حملے شروع کیے۔ الجزیرہ کے مطابق اسرائیلی فوج نے غزہ شہر کے مختلف مقامات پر حملے کیے۔ ایک میزائل الشفا اسپتال کے پیچھے گرا۔ غزہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا الجزائری ہم منصب سے رابطہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا الجزائری ہم منصب احمد عطاف سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

محسن نقوی کا افغانستان کیساتھ اختلافات کو بات چیت سے حل کرنے پر زور

تہران (ویب ڈیسک) پاکستان اور افغانستان کے وزرائے داخلہ نے تہران میں اقتصادی تعاون تنظیم کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کی جس میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

FOR
KARACHI
2025
etail
& Expo
Resilience in Pakistan's Comme

کراچی: مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد پاکستان فیوچر اور ریٹیل بزنس سمٹ اینڈ ایکسپو میں اظہار خیال کر رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔

☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

سی پیک کا دوسرا مرحلہ، وزیراعظم نے کمر کس لی

اسد غالب

بالآخر پاکستان سی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہا ہے، جو کاروبار سے کاروبار کے اشتراک کا نیا باب ثابت ہوگا۔ چین پاکستان کا با اعتماد دوست ہے، ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کا ساتھ دیا، معاشی ترقی میں چین اور پاکستان قدم بہ قدم باہمی خوش حالی پر کام کریں گے 2025-29 ایکشن پلان ترتیب دے دیا گیا ہے، اس پر عمل درآمد کے لیے لائحہ عمل مرتب کیا جا رہا ہے۔ پاکستان معاشی ترقی اور خوش حالی کی نئی منزلوں کی جانب گامزن ہے، آج ہمارے معاشی اشاریے نمایاں بہتری کی گواہی دے رہے ہیں۔

سی پیک کے پہلے مرحلے میں ہماری توجہ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر مرکوز رہی، چین کی تقریباً 33 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری سے ہم نے بڑے توانائی اور انفرا اسٹرکچر کے منصوبے مکمل کیے ہیں۔ ساہیوال پاور پلانٹ، پورٹ قاسم پاور پلانٹ، حبکو کول پاور پلانٹ، قائداعظم سولر پارک، بہاولپور (300 میگاواٹ) اور تھر کول منصوبے نمایاں ہیں، شاہراہوں اور موٹرویز کا جال بچھا کر ملک کے طول و عرض کو ایک دوسرے سے جوڑا گیا۔ گوادر پورٹ نے بلوچستان کو ترقی و خوش حالی کی شاہراہ پر ڈال دیا، گوادر پورٹ اپ گریڈیشن، فری زون، ایئرپورٹ، واٹر سپلائی، اسپتال اور ایسٹ بے ایکسپریس وے اہم منصوبے ہیں۔ بدقسمتی سے 2018 کے بعد سیاسی تبدیلی کے نتیجے میں سی پیک رول بیک ہوا، اس امر میں کوئی شک نہیں کہ سی پیک کا دوسرا مرحلہ کاروبار سے کاروبار کے اشتراک کا نیا باب ثابت ہوگا، سی پیک فیز ٹو کی ترجیحات میں زرعی انقلاب، جدید ٹیکنالوجی، سبز توانائی اور خصوصی اقتصادی زونز شامل ہیں۔ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں پانچ راہداریاں نمو، معاش، جدت، سبز معیشت اور علاقائی ترقی پر مشتمل ہیں، دوسرا مرحلہ پاکستان میں خوشحالی اور روزگار کے مواقع پیدا کرے گا اور برآمدات پر مبنی معیشت کی بنیاد ڈالے گا۔ چین ہر سال دو ٹریلین ڈالر کی درآمدات کرتا ہے لیکن پاکستان کا حصہ محض تین ارب ڈالر ہے، سی پیک ٹو آنے والی نسلوں کے لیے ایک روشن مستقبل کی ضمانت ہوگا اور سی پیک ٹو کو شد و مد سے شروع کرنے میں کامیاب ہوں گے۔

موجودہ حکومت سی پیک کے تحت تمام منصوبوں اور معاہدوں کی تکمیل کے لیے پرعزم ہے، سی پیک پاکستان کی معاشی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ سی پیک پاکستان اور چین کی کئی دہائیوں پر محیط قریبی اور مضبوط تعلقات کا مظہر ہے۔ موجودہ حکومت کی کاوشوں سے سی پیک اب دوسرے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے جس میں صنعتی اور زرعی تعاون، گوادر کی ترقی اور سماجی و اقتصادی ترقی پر فوکس کیا جائیگا، جس کے دور رس مثبت نتائج حاصل ہوں گے اور معاشی ترقی کی راہ ہموار ہوگی۔ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں نہ صرف اس منصوبے کے دائرہ کار بلکہ رفتار کو بھی تیز کیا جائیگا۔ ہماری حکومت اس منصوبے کو بھرپور انداز میں آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔

سی پیک کے مفاہمتی یادداشت کے تحت پاکستان کی طرف سے وزارت منصوبہ بندی ترقی و اصلاحات کا کلیدی کردار برقرار رہے گا جبکہ چین کی جانب سے این ڈی آر سی کا کلیدی کردار ہوگا۔ سی پیک منصوبوں کو درپیش تمام انتظامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ حکومت نے گوادر کی ترقی کے لیے کوئی خاطر خواہ کام نہیں کیا، جبکہ موجودہ حکومت نے اقتدار میں آنے کے فوراً بعد گوادر کی ترقی کو تیز کرنے کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کی اور اس سلسلے ایک جامع منصوبہ بندی کی۔ گوادر ماسٹر پلان اپنے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے اور امید ہے کہ اس فریم ورک کے تحت بیرونی سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ چین پاک بزنس کونسل کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے جس سے دونوں ممالک کے سرمایہ کاروں کے درمیان کاروباری روابط قائم ہونگے اور صنعتی تعاون میں تیزی آئے گی جس کا فائدہ سی پیک کے جاری منصوبوں کو ہوگا۔ چین کے ساتھ فری ٹریڈ معاہدہ فیز 2 ہو چکا ہے جس سے پاکستان کی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعظم کی ہدایت پر چین کے ساتھ زراعت کے شعبے میں تعاون کو وسعت دی جائے گی، جس میں زراعت کے مختلف شعبوں میں مزید پیش رفت ہوگی۔

شہباز شریف نے کہا ہے کہ دوطرفہ اور علاقائی روابط کے فروغ سے معیشت، تجارت اور توانائی کے شعبوں میں انقلاب برپا ہوگا، ہمارا خطہ صدیوں سے تجارتی و ثقافتی راہداری رہا ہے، آج کے بدلتے ہوئے جغرافیائی اور اقتصادی حالات نے اس قدیم گزرگاہ کو ایک نئی اسٹریٹجک اہمیت دے دی ہے۔ ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس کی اختتامی نشست سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان سی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے جس سے چین، وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرق وسطی کے درمیان تجارت اور توانائی کے تعاون کے نئے دروازے کھلیں گے۔ ٹرانس افغان ریلوے اور اسلام آباد تہران استنبول راہداری جیسے منصوبے خطے میں ریل رابطوں اور تجارت کے نئے باب کا آغاز کریں گے، جبکہ وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ ہوائی روابط اور ٹی آئی آر کنونشن جیسے معاہدے علاقائی تعاون کو مزید مضبوط بنا رہے ہیں۔

پاکستان کی جغرافیائی حیثیت اسے چین، یوریشیائی خطے اور مشرق وسطی کو ملانے والا ایک منفرد مرکز بناتی ہے، گوادر اور کراچی کی بندرگاہیں سمندری راستوں کو شاہراہ ریشم سے جوڑتی ہیں۔ سابق وزیراعظم نواز شریف ہمیشہ امن اور ترقی کے باہمی تعلق پر یقین رکھتے ہیں، 2013 میں ان کے دور حکومت میں سی پیک کا آغاز ہوا جو آج بھی علاقائی خوشحالی کی بنیاد ہے۔ پاکستان ڈیجیٹل انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کر رہا ہے تاکہ چوتھے صنعتی انقلاب کی رفتار کے ساتھ قدم ملا سکے، پاکستان سنگل ونڈو سسٹم جیسے منصوبے تجارتی عمل کو جدید، تیز اور شفاف بنا رہے ہیں۔ تجارت، توانائی اور نقل و حمل کے شعبوں میں علاقائی اشتراک سب کے لیے یکساں فائدہ مند ہے، ہمیں تعاون کے بیج بو کر آنے والی نسلوں کے لیے خوشحالی کی فصل اگانا ہوگی۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ کانفرنس میں 20 سے زائد ممالک کے مندوبین نے شرکت کی۔ وفاقی وزرا عطا اللہ تارڑ، عبدالعلیم خان اور محمد حنیف عباسی بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ یہ کانفرنس خطے میں روابط اور تجارت کے فروغ کے لیے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

استنبول مذاکرات کا تیسرا دور

پاکستان اور افغان طالبان کے مابین استنبول مذاکرات کا تیسرا دور اس خطے کے امن و سلامتی کے لیے اہم موڑ ثابت ہو سکتا ہے مگر افغان طالبان کا تحریری معاہدے سے گریز اور لچک کا فقدان اس عمل کو پیچیدہ بنا رہا ہے۔ پاکستان کی فریق کے طور پر واضح شرط یہ ہے کہ کالعدم تنظیم تحریکِ طالبانِ پاکستان (ٹی ٹی پی) کے خلاف ٹھوس اور یقینی اقدامات کیے جائیں ورنہ مذاکرات کا مقصد ہی بے معنی ہو جائے گا۔ اس پس منظر میں مذاکرات کے ثالث اور ترک انٹیلی جنس کے چیف ابراہیم قالن کی موجودگی ایک موقع فراہم کرتی ہے مگر اصل کامیابی طالبان کے موثر اور مثبت رویے پر منحصر ہے۔ پاکستان کا موقف منطقی اور دفاعی بنیادوں پر برقرار ہے کہ افغان سرزمین کو کسی بھی قسم کی دہشت گردی کے لیے پناہ گاہ نہیں بنایا جانا چاہیے اور خوارج یعنی دہشت گرد گروپوں کی سرپرستی فوراً ختم کی جانی چاہیے۔ یہ مطالبہ محض سفارتی زبان نہیں بلکہ پاکستان کی بقا اور عوامی سلامتی کا لازمی تقاضا ہے۔ گزشتہ برسوں میں ٹی ٹی پی کی جانب سے پاکستان میں جاری دہشت گردانہ کارروائیوں نے بے شمار بے گناہ شہریوں کی جانیں لی ہیں، انفرا اسٹرکچر تباہ کیا اور معاشی ترقی کو بری طرح متاثر کیا، لہٰذا اس مسئلے پر نرمی قومی مفاد کے خلاف ہوگی۔ دوسری جانب، افغان طالبان کے جو دلائل سامنے آئے ہیں وہ بسا اوقات زمینی حقائق سے منہ موڑ لیتے دکھائی دیتے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کا کوئی دوسرا ایجنڈا کارفرما ہے جو افغانستان، پاکستان اور پورے خطے کے استحکام کے خلاف جا سکتا ہے۔ یہ خدشہ سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے کیونکہ خطے میں امن کا تقاضا یہی ہے کہ سرحدی سالمیت کا احترام ہو اور کسی بھی دہشت گرد گروہ کو سہولت میسر نہ ہو۔ مذاکرات میں دوست ممالک کی کوششیں قابلِ قدر ہیں مگر جب تک طالبان عملیت پسندی نہیں دکھائیں گے، محض بیانات امن یقینی نہیں بنا سکیں گے۔ عملی طور پر پیشرفت کے لیے چند واضح اقدامات ضروری ہیں: اول، طالبان کو ٹی ٹی پی کے ٹھوس نیٹ ورک کو توڑنے اور اس کے رہنماؤں، مالی اور لاجسٹک ذرائع کی نشاندہی و گرفتاری میں تعاون کرنا ہوگا؛ دوم، افغان سرزمین کے پاکستان کے خلاف استعمال پر مکمل پابندی اور نگرانی کا نظام قائم کیا جائے؛ سوم، ثالثی اور دوست ممالک کی مدد سے ایک شفاف نگران میکنزم وضع کیا جائے جو خلاف ورزی کی صورت میں فوری کارروائی کی راہ ہموار کرے؛ چہارم، جاری مذاکرات میں تحریری طور پر ذمہ داریوں کا تعین ہو تاکہ آئندہ کسی صورت بھی انکار کی گنجائش نہ رہے۔ مذاکرات میں پیشرفت صرف اسی صورت ممکن ہے جب طالبان اپنا رویہ تبدیل کر کے عملی اصلاحات دکھائیں۔ پاکستان اپنے اصولی موقف پر قائم ہے کہ سلامتی اور بقا پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ اگر طالبان اور متعلقہ گروہ امن اور استحکام کے لیے واقعی سنجیدہ ہیں تو وقت ضائع کیے بغیر ٹھوس اقدامات کریں ورنہ پاکستان اپنے دفاعی اور قانونی اختیارات کے تحت کارروائی کرے گا۔ خطے کی دیرپا ترقی اور عوام کی فلاح کے لیے یہ لازم ہے کہ مذاکرات کا ہر مرحلہ شفاف اور قابلِ عمل تجاویز پر مبنی ہو۔

کشمیر میں نئی سیاسی طاقت کا جنم

میاں حبیب

یہ حقیقت ہے کہ آزاد کشمیر میں ہمیشہ اس کی حکومت بنتی ہے جسے وفاق پاکستان کی حمایت حاصل ہو۔ ہم نے ماضی میں بھی دیکھا ہے کہ جونہی وفاق میں تبدیلی آتی ہے آزاد کشمیر میں اچھی بھلی چلتی حکومت ڈانواں ڈول ہو جاتی ہے۔ کشمیری اراکین اسمبلی وفاقی حکومت کے اشارہ آبرو کے منتظر ہوتے ہیں اور فوری طور پر اپنی وفاداریاں تبدیل کرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ ابھی حال ہی میں 2021 میں ہونے والے عام انتخابات میں تحریک انصاف نے واضح کامیابی حاصل کی اور بانی پی ٹی آئی کی نامزدگی پر عبدالقیوم خان نیازی کو 4 اگست 2021 کو وزیراعظم آزاد کشمیر بنایا گیا۔ جب وفاق میں تبدیلی کی ہوا چلنے لگی تو وزارت عظمیٰ کے امیدوار سردار تنویر الیاس نے جوڑ توڑ کر کے اراکین کو اپنے ساتھ ملا لیا اور مئی 2022 میں آزاد کشمیر کے وزیراعظم بن گئے۔ یاد رہے کہ وہ عام انتخابات میں بھی وزارت عظمیٰ کے امیدوار تھے لیکن بانی پی ٹی آئی نے ان کی جگہ عبدالقیوم نیازی کو وزیراعظم بنا دیا تھا۔ مرکز میں تحریک انصاف نہ رہی تو آزاد کشمیر میں بھی تحریک انصاف میں فارورڈ بلاک بن گئے۔ تحریک انصاف کے اراکین وفاداریاں تبدیل کرتے ہوئے پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے ساتھ مل گئے۔ تحریک انصاف کے منحرف رکن اسمبلی چوہدری انوار الحق ن لیگ میں شامل ہو گئے اور 20 اپریل 2023 کو وزیراعظم بن گئے لیکن اس دوران عوامی مسائل پر آزاد کشمیر کے عوام میں زبردست عوامی بیداری کی ایک لہر چلی اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی معرض وجود میں آئی جس نے خوفناک عوامی احتجاج کے ذریعے سب کچھ مفلوج کر کے رکھ دیا۔ دراصل یہ احتجاج مہنگے آٹے اور مہنگی بجلی کے خلاف تھا اسکے علاوہ حکومتی عہدیداروں کی ہوشربا مراعات پروٹوکول اور عوام کو نظر انداز کرنے بارے عوام کا شدید غیض و غضب تھا۔ وفاقی حکومت نے آزاد کشمیر کی حکومت کے ساتھ مل کر اس احتجاج کو دبانے کی کوشش کی لیکن ناکامی کی صورت میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مطالبات تسلیم کر کے ہڑتال ختم کروانی پڑی۔ چاہیے تو یہ تھا کہ اس کے بعد آزاد کشمیر کی حکومت ایسے سیاسی اقدامات کرتی جس سے عوام کو مطمئن کیا جاتا لیکن آزاد کشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوار الحق نے اس پر توجہ نہ دی اور معاملات مزید بگڑ گئے۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے چند مطالبات جن میں بجلی کی قیمتوں میں کمی اور آٹے پر تو سبسڈی دے دی گئی لیکن احتجاج کے دوران جن لوگوں پر مقدمات درج کیے گئے تھے وعدے کے باوجود وہ ختم نہ کیے گئے بلکہ کشمیریوں کو کریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کرنے پاسپورٹ اور سرکاری ملازمتوں کے حصول میں رکاوٹیں ڈالنا شروع کر دیں جس سے عوام میں حکومت کے خلاف غصہ بڑھنا شروع ہو گیا اور ایک بار پھر عوام سڑکوں پر آ گئے۔ چونکہ آزاد کشمیر بڑا حساس علاقہ ہے اس لیے وہاں اس طرح کی من مانی نہیں کی جا سکتی تھی جس طرح پاکستان کے دوسرے حصوں میں کی جاتی ہے۔ لہٰذا ایک بار پھر حکومت کو گھٹنے ٹیک کر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مطالبات تسلیم کرنے پڑے۔ لیکن عوامی سطح پر جس قسم کے اقدامات کی ضرورت تھی حکومت نے اس پر توجہ نہ دی جس کی وجہ سے ن لیگ نے چوہدری انوار الحق پر سے دست شفقت ہٹا لیا اور چوہدری انوار الحق دھڑام سے اراکین اسمبلی کے اعتماد سے محروم ہو گئے۔ ایسی صورتحال میں پیپلز پارٹی نے آگے بڑھ کر معاملات پر اپنی گرفت مضبوط کر لی اور اب موجودہ ایوان کے چوتھے سال میں چوتھے وزیراعظم کا انتخاب ہونے جا رہا ہے جب آپ یہ کالم پڑھ رہے ہوں گے اس وقت تک یا تو آزاد کشمیر کے وزیراعظم استعفیٰ دے چکے ہوں گے یا ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کی کارروائی شروع ہو چکی ہوگی۔ زمینی حقائق یہ ہیں کہ ان کی کابینہ کے دس ارکان منحرف ہو کر پیپلز پارٹی میں جا چکے ہیں۔ اراکین اسمبلی کی کثیر تعداد اپنی ایڈجسٹمنٹ کے لیے معاملات طے کر چکی ہے۔ پیپلز پارٹی کو حکومت سازی کے لیے 40 اراکین کی حمایت حاصل ہو چکی ہے۔ حکومت بنانے کے لیے سادہ اکثریت کے لیے 27 ارکان کی حمایت درکار ہوتی ہے۔ دراصل یہ تبدیلی عوامی دباؤ کا نتیجہ ہے جس کے سامنے سب بے بس دکھائی دیتے ہیں آزاد کشمیر میں نئی سیاسی طاقت جنم لے چکی ہے اور آئندہ انتخابات میں آزاد کشمیر کی صورتحال یکسر مختلف نظر آئیگی۔ معاملات روایتی سیاسی جماعتوں کے ہاتھوں سے نکلتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں جسے پیپلز پارٹی سہارا دینے کی کوشش کر رہی ہے۔ آزاد کشمیر کے عام انتخابات میں ایک سال سے بھی کم وقت رہ گیا ہے اگر پیپلز پارٹی کی نئی حکومت نے ایسے اقدامات کر لیے جس سے عوام مطمئن ہو سکے تو اگلے انتخابات میں شاید موجودہ روایتی سیاسی جماعتوں کی گنجائش باقی بچ جائے ورنہ معاملات موجودہ سیاسی جماعتوں کے ہاتھوں سے نکلتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی کی نئی حکومت کو بڑے بڑے چیلنجز کا سامنا ہوگا لیکن توقع ہے کہ انھیں ایوان میں فرینڈلی اپوزیشن ملے گی۔ انکے راستے میں صرف عوامی دباؤ ہوگا۔ مسلم لیگ ن نے پیپلز پارٹی کی حکومت سازی کیلئے تعاون کی بھی یقین دہانی کروائی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اپوزیشن میں بیٹھنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ تحریک انصاف کے باقیماندہ 5 ارکان بھی اپوزیشن میں ہونگے۔ چونکہ ن لیگ کے ارکان کی تعداد زیادہ ہوگی اس لیے اپوزیشن لیڈر ن لیگ کا ہو سکتا ہے۔

جمہوریت کا حقیقی مفہوم

وزیر احمد جوگیزئی

امن جمہوریت اور ترقی خطے کیلئے واحد راستہ دنیا اس وقت جس ہلچل، بے یقینی اور انتشار سے گزر رہی ہے، اس کی جڑیں دراصل اس نوآبادیاتی (Colonial) نظام میں پیوست ہیں جس نے صدیوں تک دنیا کے نقشے کو مسخ کیے رکھا۔ یورپ کی چند طاقتوں انگلینڈ، فرانس، اسپین، پرتگال اور دیگر نیا پنے اقتدار کے پھیلاؤ کے لیے دنیا کے کمزور خطوں کو اپنی کالونیاں بنایا۔ ان کالونیوں میں اقتدار، معیشت، مذہب اور معاشرت سب کچھ ان کی مرضی سے چلتا تھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ دنیا کے مختلف خطوں میں قومیت، مذہب، لسانیت اور علاقائیت کی بنیاد پر ایک ایسا انتشار پیدا ہوا جو آج بھی ختم نہیں ہوا۔ نوآبادیاتی طاقتوں نے اپنی ضرورت کے مطابق کالونیوں میں ترقی کے کچھ مراکز بنائے، سڑکیں اور ریل کے نظام تو بنائے مگر ان کا مقصد مقامی آبادی کی بھلائی نہیں بلکہ اپنے مفادات کا تحفظ تھا۔ وہ علاقے جو ان کے لیے معاشی لحاظ سے فائدہ مند تھے، وہاں تعلیم، قانون اور نظام حکومت کو کسی حد تک ترقی دی گئی، مگر باقی خطے محرومی کا شکار رہے۔ یہی عدم توازن آج تک ترقی پذیر ممالک کی تقدیر کا حصہ ہے۔ دنیا میں جمہوری اداروں کی تاریخ میں ایک نمایاں نام انٹرنیشنل پارلیمنٹری یونین (IPU) کا ہے۔ اس تنظیم کی بنیاد 1930 تا 1935 کے لگ بھگ رکھی گئی۔ ابتدا میں اس میں صرف چند یورپی ممالک شامل تھے، بعد ازاں امریکہ سمیت دیگر ملک بھی اس میں شامل ہوتے گئے۔ اس وقت شاید اس کے ارکان کی تعداد 89 تھی، جب کہ آج تقریباً 191 ممالک اس کے رکن ہیں۔ 1938 میں آئی پی یو کا ایجنڈا یہ تھا کہ عالمی دولت کو کس طرح منظم کیا جائے اور اسے مخصوص ہاتھوں میں مرکوز رکھا جائے۔ یہ وہ وقت تھا جب افریقہ، ایشیا اور لاطینی امریکہ کے بیشتر ممالک یورپی طاقتوں کی کالونیاں تھے۔ ان ممالک کی دولت، وسائل اور محنت سب کچھ یورپ منتقل ہو رہا تھا۔ مگر 1986 میں منظر نامہ بدلنے لگا اب بات ہونے لگی کہ جو دولت نوآبادیاتی طاقتوں نے لوٹی ہے، اسے واپس کیسے حاصل کیا جائے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ جب سے دنیا کو کالونیوں میں تقسیم کیا گیا، تب سے عالمی نظام میں عدم توازن نے جنم لیا۔ بے شمار ممالک مصنوعی طور پر بنائے گئے، جن کی سرحدیں تاریخی یا ثقافتی بنیادوں پر نہیں بلکہ طاقت کے زور پر کھینچی گئیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی کئی خطے جنگوں، نفرتوں اور سیاسی خلفشار کا شکار ہیں۔ ہمارے جیسے ممالک کی معیشت آج بھی بیرون ملک مقیم مزدوروں کی ترسیلات زر پر منحصر ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے عالمی طاقتوں نے شعوری طور پر ترقی پذیر دنیا کو مفلوج رکھنے کی سازش کی ہو تاکہ وہ ہمیشہ محتاج اور تابع رہے۔ اس دست نگری سے نجات کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی سمت خود متعین کریں۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے باہمی تنازعات کو بات چیت اور تدبر کے ذریعے حل کریں۔ پاکستان، بھارت، افغانستان، بنگلہ دیش، نیپال اور سری لنکا سب کا مستقبل ایک دوسرے سے جڑا ہوا ہے۔ اگر یہ ممالک اپنی توانائی ایک دوسرے کے خلاف استعمال کرنے کے بجائے غربت، جہالت اور پسماندگی کے خاتمے پر صرف کریں تو یہ خطہ امن و خوشحالی کا گہوارہ بن سکتا ہے۔ دنیا واقعی حسین ہے، مگر اسے حسین رکھنے کے لیے ہمیں جنگ و جدل سے گریز کرنا ہوگا۔ امن کی راہ ہی ترقی کی راہ ہے۔ جب ہم ایک دوسرے کے دکھ درد کو سمجھنے لگیں گے، اپنے اوپر بوجھ ڈال کر دوسروں کے مسائل حل کرنے کی کوشش کریں گے، تبھی یہ دنیا ایک بہتر مقام بنے گی۔ پاکستان کی آبادی قیام پاکستان کے وقت مشرقی پاکستان سے کم تھی، مگر آج وہ کہیں زیادہ ہو چکی ہے۔ اس بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے تعلیم، صحت، روزگار اور رہائش کے نظام کو بہتر بنانا وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ اگر ہم نے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط نہ کیا تو وسائل کی کمی اور آبادی کا دباؤ ہمارے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتا ہے۔ ترقی کی اصل بنیاد دیہات ہیں۔ پاکستان کی اکثریت آج بھی دیہی علاقوں میں آباد ہے، مگر ان کے مسائل پر شاذ و نادر ہی توجہ دی جاتی ہے۔ اگر ہم واقعی عوامی فلاح چاہتے ہیں تو حکومت کو نچلی سطح سے مضبوط کرنا ہوگا۔ مقامی حکومتوں (GovernmentsLocal) کو فعال اور بااختیار بنانا ہوگا تاکہ عوامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں۔ جب اختیارات عوام تک پہنچیں گے تب ہی جمہوریت کا حقیقی مفہوم واضح ہوگا۔ پاکستان آج ایک ایٹمی قوت ہے، اور اس حیثیت سے دنیا میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ یہ عظیم کارنامہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی محب وطن ٹیم کی بدولت ممکن ہوا۔ قوم ہمیشہ ان کی محسن رہے گی۔ انہوں نے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنایا، جس کا عملی مظاہرہ دنیا نے خود دیکھا۔ مگر محض ایٹمی طاقت ہونا کافی نہیں۔ ہمیں اب اپنے معاشی، تعلیمی اور سماجی ڈھانچوں کو بھی مضبوط بنانا ہوگا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی توانائی اصلاح احوال میں صرف کریں۔ عوام کو بااختیار بنائے بغیر، اداروں کو شفاف بنائے بغیر، اور کرپشن کے خلاف سنجیدہ اقدامات کیے بغیر ہم ترقی کی راہ پر نہیں چل سکتے۔ دنیا کے بیشتر ممالک جو نوآبادیاتی نظام کے نتیجے میں وجود میں آئے، وہی آج اپنے اندرونی تضادات سے نبرد آزما ہیں۔ طاقتور اقوام نے ان ممالک کو اس طرح چھوڑا کہ ان میں تقسیم، نفرت اور انتشار باقی رہے۔ یہی وہ ورثہ ہے جس نے جنوبی ایشیا کو آج تک سکون نہیں لینے دیا۔ اب ہمارا فرض ہے کہ ہم اس تاریخی ناانصافی کو درست کرنے کی کوشش کریں۔ برصغیر میں امن قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان مسلسل کشیدگی نہ صرف دونوں ملکوں بلکہ پورے خطے کے لیے نقصان دہ ہے۔ اگر ہم ایک دوسرے کے ساتھ تجارتی، ثقافتی اور تعلیمی تعلقات کو فروغ دیں، تو یہ خطہ دنیا کی سب سے بڑی منڈی اور طاقتور ترین معیشت بن سکتا ہے۔ جنگ و جدل نے کبھی بھی کسی قوم کو خوشحال نہیں بنایا امن ہی وہ راستہ ہے جو ترقی، علم اور خوشحالی کی ضمانت بنتا ہے۔ آج دنیا میں تقریباً پچاس فیصد لوگ خطِ غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ جو اس حد سے اوپر ہیں، وہ بھی غیر یقینی معاشی حالات کے سائے میں ہیں۔ یہ صورتحال ہمیں سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ کیا واقعی انسانیت ترقی کر رہی ہے یا ہم صرف ٹیکنالوجی میں آگے بڑھے ہیں مگر اخلاقی اور سماجی لحاظ سے پیچھے جا رہے ہیں؟ جمہوریت کا احترام صرف ووٹ ڈالنے یا حکومتیں بدلنے کا نام نہیں۔ جمہوریت دراصل انسان کی عزت، انصاف، برابری اور مساوات کے اصولوں کا نام ہے۔ اگر ہم ان اصولوں پر عمل نہیں کرتے تو محض انتخابات اور اسمبلیاں ہمیں جمہوری نہیں بنا سکتیں۔ حقیقی جمہوریت وہ ہے جو عام انسان کے چہرے پر مسکراہٹ لائے، اس کی زندگی آسان بنائے، اور اس کو یہ احساس دے کہ وہ ریاست کا معزز شہری ہے۔ لہٰذا ہمیں بحیثیت قوم یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم جمہوریت کا احترام صرف الفاظ میں نہیں بلکہ عمل میں کریں گے۔ ہم اپنے اختلافات کو مکالمے کے ذریعے حل کریں گے، اداروں کو مضبوط بنائیں گے، اور آئین و قانون کو اپنی طاقت بنائیں گے۔ یہی وہ راستہ ہے جو پاکستان کو ایک مضبوط، خودمختار اور پرامن ریاست بنائے گا۔ اور یہی "احترام جمہوریت" کا اصل مفہوم ہے!!

شہر قائد

ڈپٹی میئر کراچی سلمان مراد سے اپوزیشن لیڈر سیف الدین کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

ڈپٹی میئر سلمان مراد سے اپوزیشن لیڈر سیف الدین کی قیادت میں وفد کی ملاقات

شہری مسائل، بلدیاتی خدمات اور آئندہ ہونے والے اجلاس کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد سے بلدیہ عظمیٰ کراچی کی کونسل میں اپوزیشن لیڈر سیف الدین ایڈووکیٹ کی قیادت میں جماعت اسلامی کے ایک وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں شہری مسائل، بلدیاتی خدمات اور آئندہ ہونے والے اجلاس کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر سٹی کونسل میں پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر دل محمد، جمن دروان، جماعت اسلامی کے یوسی چیئرمین نعمان احمد، شاہد فرمان بھی موجود تھے، ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے، تمام علاقوں میں سڑکوں کی مرمت اور دیگر بلدیاتی خدمات کو بہتر بنانے کے اقدامات جاری ہیں، انہوں نے کہا کہ میں خود مختلف علاقوں کے دورے کر رہا ہوں۔

قرآن وسنت کی تعلیمات معاشرتی ہم آہنگی کا بنیادی ستون ہیں، مفتی فیض قادری

کراچی (پ۔ر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے امیر مفتی محمد فیض احمد قادری نے کہا ہے کہ قرآن کریم اور سنت نبویؐ کی تعلیمات انسان کی روحانی تربیت کے ساتھ ساتھ معاشرتی اخلاقیات، عدل و انصاف، بھائی چارے اور ہم آہنگی کے قیام کے لیے بھی بنیادی ستون ہیں۔ یہ بات انہوں نے [illegible] کی۔ مفتی محمد فیض احمد قادری نے کہا کہ موجودہ دور میں نوجوانوں میں اخلاقی انحراف، معاشرتی بداعتمادی اور فرد پرستی کے رجحانات بڑھتے جا رہے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ نوجوان قرآن و سنت کے مطابق زندگی گزاریں تاکہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر اصلاح اور امن قائم ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ [illegible] محدود نہیں [illegible] انصاف کی [illegible]

ای چالان شہریوں کو لوٹنے کا نیا حربہ ہے، فیصلہ واپس لیا جائے: پاسبان

سڑکوں کی تعمیر، ڈرائیونگ لائسنس اور گاڑیوں کے کاغذات بنانے کے عمل کو خودکار کیا جائے: طارق چاندی والا

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کراچی کے چیف آرگنائزر طارق چاندی والا نے کہا ہے کہ ای چالان ایک خطرناک صورتحال کو جنم دے گا۔ فیصلہ واپس لیا جائے ورنہ عوام کا ردعمل سندھ حکومت سنبھال نہیں پائے گی۔ پہلے سڑکیں تعمیر کی جائیں، ڈرائیونگ لائسنس اور گاڑیوں کے کاغذات بنانے کے عمل کو خودکار کیا جائے اس کے بعد جرمانے کا نظام نافذ کیا جائے۔ پیپلز پارٹی گھوڑے کے آگے گاڑی لگانا چاہتی ہے۔ مراد علی شاہ طالبان کے فارمولے پر عمل کر رہے ہیں۔ سزائیں پہلے نافذ کرنا چاہتے ہیں۔ شہری سہولیات پر بات نہیں کرتے ہیں۔ اس طرح کے بیوقوفانہ فیصلے کئے گئے تو پاسبان بھرپور مزاحمت کرے گی۔ حکومت سندھ کا ای چالان کا نظام لانا کراچی کے لوگوں سے دشمنی کا کھلا اظہار ہے۔ ادارے اپنی ذمہ داریاں پہلے پوری کریں عوام کو تنگ نہ کریں۔ طارق چاندی والا نے پارٹی میٹنگ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چھ گھنٹوں میں سوا کروڑ روپے کا چالان کر کے کر خوشی کے شادیانے بجانے کی بجائے اس اقدام سے اٹھنے والے طوفان پر بھی غور کیا جائے جسے فارم 47 والی پیپلز پارٹی سنبھال نہیں پائے گی۔ حکمران اپنے بند کمروں میں فیصلے کرنے کے بجائے عوام کے درمیان آئیں اور عوام سے ان کے حالات کی معلومات حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کے غلط فیصلوں سے نفرتیں بڑھ رہی ہیں۔ سندھ حکومت کے پاس کراچی کے عوام کو لوٹنے کے علاوہ کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ کراچی کے پرامن حالات کو خراب کرنے کی سازش نہ کی جائے، انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم اقتدار سے چمٹے ہوئے ہیں لیکن انہوں نے کبھی اپنے عوام کے بارے میں مخلصانہ اقدامات نہیں کئے۔ کراچی کی سڑکیں اس قابل نہیں کہ ان پر گاڑیاں چلائی جا سکیں، جگہ جگہ گڑھے، سیوریج کے گندے پانی کے تالاب نے ان سڑکوں پر سفر کو ایک ڈراؤنا خواب بنا دیا ہے۔

صاف پانی تک رسائی ہر شہری کا بنیادی انسانی حق ہے، میاں مقصود

آلودہ پانی کے باعث خواتین اور بچوں سمیت متعدد ہلاکتیں تشویشناک ہیں، فاروق عبداللہ

کراچی (پ۔ر) الفاء فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود نے جامشورو کے علاقے فیض محمد برفت گوٹھ میں آلودہ پانی کے باعث خواتین اور بچوں سمیت متعدد ہلاکتوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک واقعہ انتظامی غفلت اور ناقص نگرانی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف پانی تک رسائی ہر شہری کا بنیادی انسانی حق ہے اور اس سے محرومی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کے مترادف ہے۔ میاں محمد مقصود نے حکومتِ سندھ سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ علاقے میں فوری ایمرجنسی نافذ کی جائے، آلودہ پانی کی سپلائی فوراً بند کر کے متبادل ذرائع فراہم کیے جائیں اور تمام متاثرہ خاندانوں کو مالی و طبی امداد دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں کو پابند کیا جائے کہ کسی بھی علاقے میں پینے کے پانی کی فراہمی اس وقت تک نہ کی جائے جب تک لیبارٹری جانچ سے اس کی تصدیق نہ ہو جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک جانب آلودہ پانی سے ہلاکتوں نے عوام کو خوف میں مبتلا کر رکھا ہے تو دوسری جانب صوبے بھر میں ڈینگی اور ہیضہ کے بڑھتے ہوئے کیسز نے شہری صحت کے نظام کی کمزوری کو بے نقاب کر دیا ہے۔

بنیادی سہولیات کی فراہمی میں غفلت عوامی مسائل میں اضافہ کر رہی ہے، سلیم قادری

کراچی (پ۔ر) مرکزی انجمن سیرت النبی ﷺ گھبار کے تاحیات چیئرمین اور قومی و سماجی رہنما محمد سلیم خان قادری ترابی نے واضح کیا ہے کہ حکومت کی جانب سے بنیادی سہولیات کی فراہمی میں غفلت، عوامی مسائل کے حل سے فرار اور اہم انتظامی اقدامات میں سستی نے اہل سنت حنفی بریلوی کے مذہبی و سماجی پروگرامز، میلاد الائنس کی سرگرمیاں اور عوامی اجتماعات متاثر کر دیے ہیں۔

ہمیشہ امن، محبت، بھائی چارے اور رواداری کے پیغام کو عام کیا ہے، صوفی ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے امیر پیر طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ اہلسنت و جماعت وطن عزیز پاکستان کا سواد اعظم ہیں، جو فکر اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلویؒ کے پیروکار ہیں اور ہمیشہ دین اسلام کے تحفظ، ناموس رسالت ﷺ کی پاسبانی اور وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے صف اول میں رہے ہیں۔

ورلڈ کلچر فیسٹیول کے لیے آنے والے غیر ممالک کے فنکار آرٹس کونسل کا دورہ کر رہے ہیں

سندھ بھر سے

میرپورخاص میونسپل کارپوریشن زبوں حالی کا شکار

میئر کی ذاتی فرمائش پر ایک انڈر ٹریننگ نوجوان محسن بھرگڑی ولد رفیق بھرگڑی کو بھرتی کیا گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میونسپل کارپوریشن اس وقت زبوں حالی کا شکار ہے۔ عوامی خدمت کے بجائے یہاں اقربا پروری، ناانصافی اور مالی بے ضابطگیوں نے ادارے کی ساکھ کو بری طرح مجروح کر دیا ہے۔ میئر میرپورخاص جن سے عوام اور ملازمین بہتری کی توقع رکھتے تھے، آج انہیں کے اقدامات ادارے کو تباہی کے دہانے پر لے آئے ہیں افسوسناک امر یہ ہے کہ میئر کی ذاتی فرمائش پر ایک انڈر ٹریننگ نوجوان محسن بھرگڑی ولد رفیق بھرگڑی کو بھرتی کیا گیا ہے، حیرت کی بات یہ ہے کہ پیپلز پارٹی کے نظریاتی، دیرینہ اور محنت کش کارکنوں کو نظر انداز کر کے تعلقہ صدر کے صاحبزادے کو نوکری دینا کیا انصاف ہے؟ کیا میرپورخاص کے غریب کارکن صرف نعرے لگانے کے لیے رہ گئے ہیں؟ یہ فیصلہ نا صرف میرٹ کے خلاف ہے بلکہ اس ادارے پر ایک ایسا بوجھ ہے جو پہلے ہی مالی بحران میں ڈوبا ہوا ہے۔ میئر نے پہلے ہی ملازمین کو اس نہج پر پہنچا دیا ہے کہ ریٹائرڈ ملازمین بقایاجات کے انتظار میں فاقہ کشی پر مجبور ہیں، جبکہ حاضر سروس ملازمین کی چار ماہ کی بڑھی ہوئی تنخواہیں بھی ابھی تک ادا نہیں کی گئیں ادارے کی موجودہ مالی حالت اس قدر ابتر ہے کہ کوئی یہ بتانے کو تیار نہیں کہ کارپوریشن کی روزانہ کی ریکوری کہاں جا رہی ہے۔ عوامی فنڈز کا حساب کتاب مفقود ہے، اور ہر طرف سوالیہ نشان ہیں اس صورتحال سے تنگ آ کر ملازمین نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اب مزید خاموش نہیں رہیں گے۔ اسٹیک ہولڈرز سے ملاقاتیں جاری ہیں اور ادارے کی تالا بندی سمیت احتجاجی لائحہ عمل پر غور کیا جا رہا ہے میرپورخاص کی حالت دیکھ کر افسوس ہوتا ہے ایک خوبصورت شہر جو کبھی سندھ کا فخر سمجھا جاتا تھا، آج صفائی کے فقدان، تجاوزات، کرپشن اور عدالتی کیسوں کے بوجھ تلے دب چکا ہے۔ کارپوریشن کی پراپرٹیز پر قبضے عام ہیں، اور ادارہ اپنی شناخت کھوتا جا رہا ہے اب تو صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ہائی کورٹ بار نے بھی فنڈز کے ہڑپ ہونے پر میونسپل انتظامیہ کو لیگل نوٹس بھیج دیا ہے۔ مگر اس کے باوجود میئر اپنے مخصوص چہیتوں کو نوازنے میں مصروف ہیں۔

نوشہرو فیروز، میں صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ کے ڈائریکٹر خالد حسین شیخ کی کھلی کچہری

نوشہرو فیروز (پاکستان بلیٹن) صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ نوشہرو فیروز کے ڈائریکٹر خالد حسین شیخ گاں احمد خان مشوری پہنچے، جہاں مختلف دیہات کے عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری منعقد کی گئی۔ اس موقع پر گاں احمد خان مشوری اور قریبی دیہات کے باشندوں نے متعدد مسائل پیش کیے۔ دیہاتیوں نے بتایا کہ گورنمنٹ پرائمری اسکول میر خان مشوری کی عمارت خستہ حالی کا شکار ہے، جس کے باعث طلبہ خوف میں مبتلا ہیں۔ اسکول میں دو اساتذہ اور سو سے زائد طلبہ زیر تعلیم ہیں۔

بدین: میونسپل کمیٹی بدین کے چیئرمین پیر صالح قریشی اور دیگر مقررین موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ملازمین ہر ماہ بلدیہ سے تنخواہیں لے کر کام کرنے سے قاصر ہیں، عبدالجبار

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص بلدیہ کارپوریشن کے ٹاؤن میر شیر محمد کی یوسی 6 کے 8 سرکاری ملازمین ہر ماہ بلدیہ سے تنخواہیں لے کر کام کرنے سے قاصر ہیں آخر وہ کون سے عناصر ہے جن کی زیر شفقت کام ہو رہا ہے عبدالجبار خان۔ تفصیلات کے مطابق شہری حقوق کمیٹی کے مرکزی نگران عبدالجبار خان نے کی جانب سے جاری پریس اعلامیہ کے مطابق میرپورخاص کارپوریشن کے ٹان میر شیر محمد کی یوسی 6 کے 8 سرکاری ملازمین ہر ماہ بلدیہ سے تنخواہیں لے کر کام کرنے سے قاصر ہیں اخر وہ کون سے عناصر ہے جن کی زیر شفقت یہ عناصر اپنی من مانیاں کر رہے ہیں۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر کا سول اسپتال مکلی دورہ، مریضوں کی عیادت اور صحت کی سہولیات کا جائزہ

ٹھٹھہ (و۔آ۔) صوبائی وزیر اوقاف، عشر زکوٰۃ و مذہبی امور سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے سول اسپتال مکلی کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اسپتال میں زیر علاج مریضوں کی عیادت اور طبی سہولیات سے متعلق معلومات حاصل کی۔ صوبائی وزیر نے ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی، لیبارٹری اور مختلف اسپیشلائزڈ یونٹس کا معائنہ کرتے ہوئے فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو علاج و معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔ سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے کہا کہ حکومتِ سندھ عوام کو صحت کے شعبے میں بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسپتالوں میں جدید طبی آلات، معیاری ادویات اور تربیت یافتہ عملے کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے تاکہ شہریوں کو گھر کے قریب معیاری علاج میسر آ سکے۔ اس موقع پر اسپتال کے ایم ایس، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملہ بھی موجود تھا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ خدمتِ خلق کا جذبہ ہی شعبہ صحت کی اصل روح ہے جسے برقرار رکھنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔

عدالت کی جانب سے میرپورخاص کے مختلف محکموں اور افسران سے رپورٹ طلب

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سول و فیملی جج و جوڈیشل مجسٹریٹ میرپورخاص کی عدالت نے شہر میں عوامی نوعیت کے ایک اہم مسئلے پر کارروائی کرتے ہوئے میرپورخاص کے مختلف سرکاری محکموں، پولیس افسران اور انجمن تاجران کے عہدیداران سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ عدالتی حکم 1496/2025، مورخہ 25 اکتوبر 2025 کے تحت جاری کردہ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ ایک شہری کی جانب سے ضابطہ فوجداری کی دفعہ (Cr.PC 133) کے تحت درخواست دائر کی گئی ہے، جس پر عدالت نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو طلب کر لیا ہے۔ نوٹس کے مطابق رپورٹ پیش کرنے والوں میں میئر میونسپل کارپوریشن میرپورخاص عبدالرؤف گھوری، چیف میونسپل آفیسر میرپورخاص، ڈپٹی کمشنر میرپورخاص، اسسٹنٹ کمشنر میرپورخاص، ڈائریکٹر اینٹی انکروچمنٹ اورنگزیب مغل، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس میرپورخاص رینج و دیگر شامل ہیں۔

صیقل پبلک ہائیر سیکنڈری اسکول عادلپور میں مشترکہ شجرکاری مہم کا انعقاد

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) گھوٹکی او جی ڈی سی ایل گیس فیلڈ کے سی ایس آر پروگرام اور سوشل فارسٹری ڈویژن گھوٹکی کی جانب سے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے جنگلات و وائلڈ لائف سردار میر بابل خان بھیو کے وژن کے تحت صیقل پبلک ہائیر سیکنڈری اسکول عادلپور میں مشترکہ شجرکاری مہم کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن گورنمنٹ آف سندھ، اینگرو فاؤنڈیشن سمیت مختلف اداروں نے شرکت کی۔

منشیات سے بچاؤ اور بچوں کے تحفظ کے موضوع پر آگاہی سیمینار

بدین (بیورو رپورٹ) سوشل ویلفیئر اور محکمہ تعلیم بدین کے باہمی تعاون سے شہید فاضل راہو شہر کے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول میں منشیات سے بچاؤ اور بچوں کے تحفظ کے موضوع پر آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس میں افسران، اساتذہ، سماجی رہنماؤں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر بدین عبدالغفار کھوسہ نے کہا کہ اسکول ہی وہ مقام ہے جہاں بچوں کی شخصیت کو نکھارا اور سنوارا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے ذہنی و اخلاقی تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ تربیت یافتہ ہوں اور دیانتداری، محنت و ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں میں خود اعتمادی، سچ بولنے، برداشت اور دوسروں کے احترام جیسے مثبت رویے پروان چڑھائیں۔

بقیہ نمبر 01

اتر آئے تھے اور جنگ میں 7 طیارے مار گرائے گئے، یہ بہت بڑی بات تھی کیونکہ یہ دونوں ایٹمی طاقتیں ہیں۔ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاک بھارت جنگ میں اپنے اثر و رسوخ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں نے وزیراعظم مودی کو فون کرکے کہا آپ کے ساتھ تجارتی معاہدہ نہیں کر سکتے، مودی سے کہا تم پاکستان کے ساتھ جنگ کر رہے ہو، ہم معاہدہ نہیں کریں گے، پاکستان کو بھی فون پر کہا کہ آپ کے ساتھ بھی تجارت نہیں کریں گے کیونکہ تم بھارت سے لڑ رہے ہو۔

بقیہ نمبر 02

جاری ہے اور اس عمل کے لیے صوبوں کی رضا مندی کا آئینی حق ایم کیو ایم کی مرضی اور منشا کے مطابق متاثر کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ انہوں نے سندھ کے عوام اور پارلیمنٹ میں بیٹھے نمائندوں کو ہوشیار رہنے کی ہدایت کی اور کہا کہ ایسی آئینی اور قانونی تبدیلیوں کے راستے کو روکنا ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب ٹھٹھہ کے دورے کے دوران میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے مزید کہا کہ آئینی حقوق اور این ایف سی ایوارڈ کو تحفظ کو دینے کے بجائے 18)ویں (آئینی ترمیم کو رول بیک کرنے کی کوششیں جاری ہیں اور آئندہ چند دنوں میں لانے والی 27ویں آئینی ترمیم کے ذریعے چھوٹے صوبوں کے حقوق کو نقصان پہنچانے، ان کے وسائل خصوصا مالی اور آبی وسائل پر قبضہ جمانے جیسی سازشیں تیار کی جارہی ہیں۔ وفاقی وزیر رانا تنویر کے اشاروں سے اس منصوبے کی یہ سازش محسوس ہوتی ہیا س ممکنہ ترمیم میں انتظامی یونٹس کے قیام جیسا خطرناک منصوبہ اور این ایف سی ایوارڈ میں صوبوں کے حقوق میں کمی شامل ہونے کی خبرداری دیتے ہوئے سسئی پلیجو نے کہا کہ اٹھارویں آئینی ترمیم کا رول بیک انتہائی خطرناک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایوان میں بیٹھے کچھ بڑے زمیندار نمائندے)وڈیرے (قہقہے لگا کر یہ کہہ رہے ہیں کہ انہیں آئندہ آئینی ترمیم کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملی ہے انہوں نے اس رویے پر تنقید کی اور کہا کہ یہ بدترین عمل ہے جب دوسروں کی زمین و آبی وسائل پر حملہ ہو رہا ہے جبکہ وہ دعوتوں اور محفلوں میں مشغول ہیں سسئی پلیجو نے نشاندہی کی کہ وفاق کے اہم آئینی اداروں میں سندھ کی نمائندگی بالکل موجود نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب نواز اور جی ٹی روڈ پر سیاست کرنے والی نمائندگی سندھ کے مفادات میں نہیں ہو سکتی، اور ایسی صورتحال میں سندھ کو درپیش خطرات سے بچنے کے لیے منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔ سابق سینیٹر نے مزید کہا کہ این ایف سی ایوارڈ میں بھی صوبوں کے حقوق میں کٹوتی کی کوششیں ہو رہی ہیں اور صوبے اپنے مالی حقوق سے محروم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر آئندہ لایا جانے والا بل رات کے اندھیرے میں منظور کروایا گیا تو سندھ محاذ پر مقابلہ کرے گا۔ سندھ کی عوام سندھ کو ٹکڑے ٹکڑے ہونے نہیں دیں گے سندھ کے ہر انچ کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سسئی پلیجو سندھ کو دو یونٹوں میں الگ کرنے کی بات ہو یا کراچی ہمارے حصے سے الگ کرنے کا منصوبہ ہو، ایسی صورت حال میں ہمارے نمائندوں کی اعلی فورمز پر نمائندگی نہ ہونے کے برابر ہے اور ہمیں رات کے وقت لائے جانے والی خفیہ قانون سازی کے خلاف فوری اور مضبوط رد عمل کی ضرورت ہے۔ ان کا مطالبہ تھا کہ اسمبلیوں میں بیٹھے نمائندے فوراً متحرک ہوں، خفیہ ڈرافٹ کو منظر عام پر لائیں اور yاس خطرناک بل کے راستے کو ہر صورت روکیں۔ سندھ کی حفاظت اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے انہوں نے مزید کہا کہ لاپتہ افراد کے معاملے پر پیپلز پارٹی کا ہمیشہ واضح مؤقف رہا ہے۔ سینیٹ میں جب لاپتہ افراد کا مسئلہ زیر بحث آیا تو میں نے ایک قرارداد پیش کی تھی اور مسنگ پرسنز کے چیئرمین کو ایوان میں طلب کیا تھا، سندھ سے لاپتہ کیے گئے کارکنوں کو فوری طور پر ظاہر کیا جائے، اور جن پر کوئی چارج شیٹ یا جرم ہے، انہیں عدالت کے سامنے پیش کیا جائے۔ ان کے قانونی اور انسانی حقوق کو یقینی بنایا جائے، جس شخص پر بھی کوئی الزام ہے، اسے بتایا جائے کہ اس پر کیا الزام ہے۔ تاج جوئیو اور عطا محمد بھنرو کے بیٹوں کے اغوا کے معاملات سے لے کر قومی کارکنوں کی جبری گمشدگی تک، ہم اس عمل کو غلط سمجھتے ہیں۔ اگر کسی پر کوئی جرم یا دہشت گردی کا الزام ہے تو عدالتیں موجود ہیں، انہیں عدالتوں میں پیش کیا جائے، سینیٹر سسی پلیجو نے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں بیٹھے سندھ کے نمائندوں کی خاموشی پر طنزیہ انداز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی سازش ہو رہی ہے، لیکن وڈیرے اسلام آباد کے کلبوں میں دعوتیں اڑانے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایوان میں بیٹھے سندھ کے بھائیوں سے مختلف اوقات میں ملاقاتیں ہوئیں۔ میں نے ان سے معلوم کرنے کی کوشش کی کہ آنے والی 27ویں آئینی ترمیم کے بارے میں انہیں کچھ علم ہے یا نہیں، تو وہ قسم کھا کر کہتے ہیں کہ انہوں نے مسودہ دیکھا ہی نہیں۔ کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے سسی پلیجو نے کہا کہ سندھ کے لوگ ایم کیو ایم یا پنجاب کے اراکین سے تو کوئی توقع نہیں رکھتے، وہ حساب ہمارے ہی نمائندوں سے لیں گے۔ اس لیے انہیں اس معاملے سے بخوبی باخبر رہنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 03

پنشن، اسٹاف کی کمی، اور ادارے کی مالی امور پر تفصیلی گفتگو کی۔ سی بی اے وفد نے ڈی جی کے ڈی اے سے درخواست کی کہ گریڈ ایک تا پندرہ کے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کو اولین ترجیح دی جائے۔ وفد نے کہا کہ ادارے کے اندر ملازمین کے ٹرانسفر اور پوسٹنگ کے احکامات کی نقول سی بی اے کو بھی ارسال کی جائیں تاکہ شفافیت اور معلومات کا بہتر نظام قائم کیا جا سکے۔ عہدیداران نے پائپ فیکٹری کی بحالی کے حوالے سے بھی تفصیلی بات چیت کی۔ ڈی جی کے ڈی اے آصف جان صدیقی نے کہا کہ پائپ فیکٹری کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے بزنس پلان تیار کر رہے ہیں تاکہ یہ [illegible]

کراتے ہوئے کہا کہ ادارے کے ملازمین کے مسائل کے حل اور کے ڈی اے کی عملی بحالی ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہم سب کو مل کر ادارے کو دوبارہ اپنے ماضی کے وقار پر لانا ہوگا۔ ملاقات کے دوران ممبر ایڈمنسٹریشن شکیل صدیقی، سیکرٹری کے ڈی اے ارشد خان، سینئر ڈائریکٹر لینڈ جمیل احمد، ڈائریکٹر لینڈ مراد عباسی، ڈائریکٹر آئی ٹی ناصر خان، ڈائریکٹر پارکس حاجی شکیل احمد خان، ڈائریکٹر فنانس سہیل باسط، ڈائریکٹر ایڈمن انجینئرنگ سلمان اللہ شرافت، ڈائریکٹر ٹی ای پی کاشف صدیقی، ڈپٹی سیکرٹری ایڈمن آصف نعیم، ڈپٹی سیکرٹری جنرل عمر فاروق موجود تھے۔

بقیہ نمبر 04

کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، فورسز کی جوابی فائرنگ سے دہشت گردوں کا منصوبہ ناکام ہوگیا اور وہ فرار ہوگئے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق فائرنگ کے بعد جعفر ایکسپریس کو ڈیرہ مراد جمالی اسٹیشن پر روک دیا گیا اور سیکیورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ نمبر 05

کے ذریعے کشمیر کے عوام کو ڈیلیور کرنے پر یقین رکھتی ہے، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ایک پرامن اور خوشحال کشمیر دیکھنا چاہتے ہیں جہاں عوام کی آواز ان کے مستقبل کا تعین کرے۔ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان نے کہا کہ جمہوریت کا مقصد صرف ووٹ نہیں بلکہ عوام کو باعزت زندگی دینا ہے، بلاول بھٹو زرداری سمجھتے ہیں کہ مساوات کے بغیر آزادی ادھوری ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پیپلز پارٹی مزدوروں، کسانوں، خواتین اور محروم طبقات کے ساتھ کھڑی ہے، کمزور طبقے کا تحفظ ہی حقیقی جمہوریت کی پہچان ہے، بلاول بھٹو زرداری کا ماننا ہے کہ امن اور مذاکرات ہی پائیدار راستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خوشحالی علاقائی امن اور تعاون سے جڑی ہے، پیپلز پارٹی عوام کو بااختیار بنانے والی اصلاحات پر یقین رکھتی ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کی جدوجہد عوام کے لیے تھی۔ شازیہ مری نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اس ورثے کو مساوات، ہمدردی اور عوامی طاقت کے پیغام کے ساتھ آگے بڑھا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 06

قوتی، ایم ایس قطر اسپتال ڈاکٹر راشد اور دیگر اعلی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں قطر اسپتال کی مجموعی صورتحال، مریضوں کے رش، تربیت یافتہ عملے کی کمی اور جدید سہولیات کے فقدان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایم ایس ڈاکٹر راشد نے وزیر صحت کو بریفنگ دی کہ قطر اسپتال کی ایمرجنسی سے 65 لاکھ سے زائد آبادی مستفید ہوتی ہے جبکہ صرف گزشتہ 9 ماہ میں 3 لاکھ 34 ہزار سے زائد مریضوں کو طبی سہولت فراہم کی گئی۔ ایمرجنسی اور آئی سی یو سروسز کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے ہدایت دی کہ ایمرجنسی میں آنے والے مریض کی جان بچانا ریاست اور ڈاکٹرز دونوں کی پہلی ذمہ داری ہے لہٰذا ماہر عملہ، جدید مشینری اور عالمی معیار کا نظام فوری طور پر یقینی بنایا جائے۔ آئی سی یو اور ایمرجنسی کے ڈھانچے کو ازسرنو ڈیزائن کیا جائے۔ ریڈیالوجی اور لیب سروسز کو ایمرجنسی کے قریب منتقل کیا جائے اور سی ٹی اسکین سمیت ضروری سہولیات بغیر تاخیر فراہم کی جائیں۔ وزیر صحت نے واضح کیا کہ قطر اسپتال کو ماڈل اسپتال بنایا جائے گا جہاں تربیت یافتہ ڈاکٹرز اور نرسز کی دستیابی ہر صورت یقینی ہوگی۔ وزیر صحت نے آغا خان یونیورسٹی کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (MOU) کے حوالے سے بھی دلچسپی کا اظہار کیا اور ہدایت دی کہ ایمرجنسی کے لیے درکار عملہ، بستروں کی تعداد، ڈیزائن اور لاگت کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے ریڈیالوجی، سی ٹی اسکین، ایم آر آئی تک تیز رسائی، مریضوں کی منتقلی میں آسانی کے لیے براہ راست راہداری بنانے کی ہدایت کی۔ آغا خان یونیورسٹی کے وفد نے بتایا کہ بیسک لائف سپورٹ (BLS) اور ایڈوانسڈ کارڈیک لائف سپورٹ (ACLS) کے تربیتی پروگرام اسپتالوں کے لائسنس کے لیے لازمی ہیں۔ ہزاروں ڈاکٹرز بغیر سرٹیفیکیشن کے کام کر رہے ہیں جس پر وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے آغا خان یونیورسٹی کے ساتھ ٹریننگ اور تکنیکی تعاون بڑھانے کی بھی منظوری دیتے ہوئے کہا کہ ایف سی پی ایس پاس ڈاکٹرز کی خدمات حاصل کرکے اسپتال کی ایمرجنسی کو بہتر بنایا جائے۔ اس لیے گریڈ 17 کے نئے بھرتی ڈاکٹرز اور نرسز کی فوری تربیت شروع کی جائے جبکہ گریڈ 18 اور دیگر عملے کو مرحلہ وار ٹریننگ دی جائے۔ سندھ کے 130 سیکنڈری اسپتالوں کے او ٹی، آئی سی یو اور ایمرجنسی اسٹاف کی فہرست بنا کر تربیت فراہم کی جائے۔ آغا خان یونیورسٹی نے لائف سیور کورس اسکولوں میں بھی متعارف کرانے اور ڈیزاسٹر ٹریننگ کے لیے 1122 اور اسپتالوں کے اشتراک سے جنوری کے دوسرے ہفتے میں سانگھڑ اور نواب شاہ میں ڈرل کرانے کی تجویز دی جسے وزیر صحت نے منظور کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنرز اور کمشنرز کے ساتھ میٹنگ بلانے کی ہدایت دی۔ وزیر صحت نے اس بات پر زور دیا کہ تمام اقدامات عوام کی جان بچانے، ہنگامی حالات میں فوری علاج کی فراہمی اور صحت کے نظام کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 07

خرچ کرنے کے رجحان والی آبادی کے ساتھ، پاکستان پروڈیوسرز اور ریٹیلرز کے لیے ترقی اور جدت کا بے پناہ موقع فراہم کرتا ہے، انہوں نے کہا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے افراط زر کو اوسطاً 5 فیصد تک کم کیا ہے، جو گزشتہ دو برسوں کے مقابلے میں ایک نمایاں بہتری ہے۔ یہ پیش رفت وزیراعظم کے اس عزم کی عکاس ہے جس کے تحت کاروباری لاگت میں کمی، سستی توانائی کی فراہمی اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کو یقینی بنایا گیا ہے۔ ٹیکس، توانائی کی قیمتوں اور بین الصوبائی تجارت میں اصلاحات کے مثبت نتائج اب ظاہر ہو رہے ہیں، انہوں نے کہا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وزیراعظم [illegible]

بقیہ نمبر 08

[illegible]

کابینہ تشکیل دینی چاہیے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ وزیراعلی صاحب نے بانی سے ملاقات کرکے صرف منتیں کرنی ہیں، وزیراعلی کو وزیراعظم کے اجلاس میں شرکت کرنی چاہیے تھی، ایسے فورمز کو خالی نہیں چھوڑنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 09

کی گئی ہے، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ سماعت کریں گے۔ علیمہ خان کو بھی کل گرفتار کر کے عدالت پیش کرنے کا حکم ہے، ان کے چھ مرتبہ وارنٹ جاری ہوئے۔

بقیہ نمبر 10

قتل کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری ایڈووکیٹ اسرار حسین چانگ نے اپنے مذمتی بیان میں مزید کہا کہ حیدرآباد پریس کلب میں ڈینگی وبا سے متعلق رپورٹنگ کرنے والے صحافیوں کے سوالات پر منتخب نمائندے کا برہم ہونا جمہوری اقدار اور صحافتی آزادی کی واضح خلاف ورزی ہے ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن حیدرآباد کے بیان میں کہا گیا ہے کہ جب ڈینگی کی وبا کے باعث شہریوں کی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں، ایسے وقت میں احتساب اور شفافیت کے لیے صحافیوں کا کردار پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گیا ہے اس حساس موقع پر صحافیوں کو دھمکیوں اور جبر کے ذریعے خاموش کرانے کی کوششیں انتہائی شرمناک ہیں اور ملک کے آئین و جمہوری اصولوں کی صریح توہین ہیں بیان میں ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ تمام ذمہ دار منتخب عوامی نمائندے حیدرآباد پریس کلب کے صحافیوں سے معافی مانگیں واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں، اور متعلقہ حکام اس بات کی یقین دہانی کرائیں کہ صحافیوں کو اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران کسی بھی قسم کی ہراسانی یا دھمکی سے مکمل تحفظ حاصل ہو جنرل سیکریٹری اسرار حسین چانگ نے کہا کہ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن حیدرآباد حیدرآباد پریس کلب صحافتی برادری اور شہری برادری کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور حق انصاف اور ذمہ دار حکمرانی کے لیے ان کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 11

کراچی اور حیدرآباد میں ڈینگی وبائی صورت اختیار کر چکا ہے، جس کی وجہ سے سرکاری اور نجی دونوں اسپتال بھر چکے ہیں۔ سندھ حکومت اور صحت محکمہ ڈینگی کو کنٹرول کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ حلیم عادل نے کہا کہ حیدرآباد میں حال ہی میں 18 ڈینگی کے مریض فوت ہوئے اور ہزاروں افراد اس مرض میں مبتلا ہیں اور جانیں بچانے میں صحت محکمہ بالکل ناکام ثابت ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی کے حکمرانوں کی کرپشن نے صحت سمیت سرکاری اداروں کو تباہ کر دیا ہے جو لوگ سندھ میں صحت کی سہولیات کے دعوے کرتے ہیں، ان کے اپنے صوبے کے لوگ اپنے معصوم بچوں کا علاج کہاں کراتے ہیں، یہ سوچنے والی بات ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ کے لوگ بچوں کا علاج خیبر پختونخوا) کے پی کے (میں کراتے ہیں، یہ عمل درست ہو سکتا ہے مگر اس سے سندھ حکومت کی بدحالی ظاہر ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی سرکاری اسپتالوں میں نہ ادویات دستیاب ہیں، نہ مناسب ڈاکٹرز اور نہ عملہ ہے، جس کی وجہ سے لوگ مر رہے ہیں اور مجبوراً نجی اسپتالوں میں علاج کرواتے ہیں۔ کے پی کے وزیراعلی علی امین گنڈاپور کے استعفے پر بات کرتے ہوئے حلیم عادل شیخ نے کہا کہ ہم نے اپنے وزیراعلی یا ہماری صوبائی حکومت کے استعفے کو پی پی کے نامزد گورنر کے ذریعے قبول کرنے سے پہلے انکار کیا، مگر پی پی کے گورنر پر دباؤ پڑا اور آخرکار استعفیٰ قبول کر لیا گیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ماضی یا حال میں جو بھی غیر قانونی یا ہارس ٹریڈنگ ہوئی، اس کا مرکز پی پی سندھ ہاؤس ہے۔ لہٰذا میں اپنے پی پی کے حامیوں سے گزارش کرتا ہوں کہ اگر آپ غیر جمہوری سرگرمیاں کرنا چاہتے ہیں تو اپنے دوسرے گھروں / دفاتر میں کریں سندھ ہاؤس کی حرمت اور وقار کو پامال نہ کریں۔

بقیہ نمبر 12

کو مؤثر انداز میں مکمل کروا رہے ہیں۔ چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ شہریوں کی صحت و تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، اسپرے مہم کے ذریعے مچھروں کی افزائش کے تمام ممکنہ مقامات پر کارروائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے گڈاپ ٹاؤن کے محکمہ صفائی اور ہیلتھ ٹیموں کو ہدایت کی کہ تمام یونینز میں اسپرے کے عمل کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے۔ وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو نے کہا کہ عوامی تعاون کے بغیر بیماریوں پر قابو پانا ممکن نہیں۔ گڈاپ ٹاؤن کے شہری اپنے گھروں اور اطراف میں صفائی کا خاص خیال رکھیں تاکہ ڈینگی اور ملیریا کے خطرات کو ختم کیا جا سکے۔ میونسپل کمشنر محمد نواز مہر نے کہا کہ گڈاپ ٹاؤن میں صفائی ستھرائی اور صحتِ عامہ کے معاملات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اسپرے مہم کے دوران ٹیموں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ گلی محلوں، نکاسی، آب کے نالوں، پارکوں اور قبرستانوں میں بھی اسپرے کو یقینی بنائیں۔ شہری اگر کسی علاقے میں مچھروں کی افزائش یا اسپرے نہ ہونے کی شکایت محسوس کریں تو فوری طور پر ٹاؤن آفس گڈاپ کو مطلع کریں تاکہ فوری کارروائی کی جا سکے۔ میونسپل کمشنر محمد نواز مہر نے فیومیگیشن ٹیموں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مہم کے نتائج مثبت ہیں اور اسپرے کے دائرے کو مزید وسیع کیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 13

فصلیں بھی متاثر ہو رہی ہیں کاشتکاروں کے احتجاج پر انجینئر وجے کمار نے کاشتکاروں ایک ہفتے میں پانی فراہمی یقینی بنانے کا اعلان کیا جس پر مظاہرین نے دھرنا ختم کردیا۔

بقیہ نمبر 14

سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن نہ صرف ترکی کے لیے بلکہ پوری مسلم امت کے لیے جمہوریت، خودمختاری اور ترقی کے عزم کی علامت ہے۔ 29 اکتوبر 1923 وہ تاریخی دن ہے جب عظیم قائد مصطفیٰ کمال اتاترک کی قیادت میں ترکی [illegible]

بقیہ نمبر 15

[illegible]

نے آئمہ مساجد کے لیے وظیفہ مقرر کرکے خیبر پختونخوا حکومت کا ایک اور منصوبہ کاپی پیسٹ کیا۔ بیرسٹر سیف نے الزام لگایا کہ پنجاب میں منصوبے پبلیکیشن کی بنیاد پر شروع ہوتے ہیں اور وہیں ختم ہو جاتے ہیں، مریم نواز پنجاب میں صحت کارڈ کی سہولت فراہم کریں ہم معاونت کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ نمبر 16

سے خطاب کرتے ہوئے کہی . بیسک ہیلتھ یونٹ کوٹھی میں یونین کونسل کوٹھی کے پولیو آفیسر شکیل احمد لوہار کے اعزاز میں الوداعی تقریب منعقد کی گئی، جس میں ڈسٹرکٹ سرویلنس آفیسر ڈاکٹر اعجاز علی خواجہ، تعلقہ پولیو فوکل پرسن ڈاکٹر اشفاق جعفرانی، یونین کونسل فوکل پرسن عبداللطیف چاڑہ، سماجی رہنما محمد علی جتوئی، سینئر ریٹائرڈ استاد قمرالدین میمن، ڈاکٹر حاجی عالمانی، اکبر زنگیجو، دیدار رند، کاشف عمرانی جاتی پریس کلب کے صدر سکندر علی ترک سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی . تقریب کے شرکا نے یو سی پولیو آفیسر شکیل احمد لوہار کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں سندھی ٹوپی اور اجرک کے تحائف پیش کیے . ڈاکٹر غلام پرور سومرو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سجاول ضلع کی ساحلی پٹی میں صاف پانی کی کمی، صحت کی سہولیات کا فقدان اور صفائی ستھرائی نہ ہونے کے باعث ماضی میں پولیو کے مثبت کیسز سامنے آ چکے ہیں۔ حال ہی میں بدین اور ٹھٹھہ اضلاع میں بھی پولیو کے کیس رپورٹ ہوئے ہیں، جس کے باعث سجاول کے بچوں کو بھی وائرس کا خطرہ لاحق ہے . انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ مہم کے دوران کئی مشکلات درپیش ہیں، مگر محکمہ صحت، ریونیو، تعلیم اور پولیس کے اہلکار رضاکاروں کے ساتھ مل کر اسے کامیاب بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ انشاءاللہ جلد سجاول ضلع سمیت پورے ملک کو پولیو وائرس سے پاک کر دیا جائے گا . تقریب میں پولیو ورکرز اور مقامی لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 17

95 فیصد حصہ فراہم کرنے والے شہر کے عوام اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ کا شکار اور آدھا شہر پینے کے پانی سے محروم ہے، ٹینکر مافیا کا راج ہے، ٹرانسپورٹ میسر نہیں، سڑکیں ٹوٹی پھوٹی ہوئی ہیں، انفرااسٹرکچر تباہ حال اور سندھ حکومت بھاری ای چالان کرنے میں لگی ہوئی ہے، پنجاب میں جو چالان 200 روپے کا ہے سندھ حکومت نے کراچی میں 5000 روپے کا کر دیا ہے، اجتماعی جدوجہد کے ذریعے ہی مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ جماعت اسلامی اہل کراچی کے حقوق کے حصول اور مسائل کے حل کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ 21 تا 23 نومبر مینار پاکستان لاہور میں بدل دو نظام کے عنوان سے منعقد ہونے والا عظیم الشان اور تاریخی اجتماع عام ملک میں ظلم اور استحصال کے نظام کے خلاف اور عدل و انصاف کے قیام کی جدوجہد میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہو گا، اہل کراچی اپنے اہل خانہ کے ہمراہ اجتماع عام میں شرکت کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملیر کالا بورڈ پر ممبرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کنونشن سے امیر ضلع ائیرپورٹ محمد اشرف اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ منعم ظفر خان نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی کل بھی اس شہر کے لوگوں کی توانا آواز تھی آج بھی اہل کراچی کے حقوق کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، ہم نے شہر کی بہتری کے لیے مختلف عوامی کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں، جو عوام کی خدمت کے ساتھ دین کی دعوت اور فہم بھی پہنچا رہی ہیں، اجتماعی جدوجہد کے نتیجے میں ترقی کی دروازے کھل جاتے ہیں اور لوگوں کے مسائل حل ہوتے ہیں، جماعت اسلامی نے دو سال کے عرصے میں اپنے 9 ٹاؤنز میں 171 پارکس بحال، 42 سرکاری اسکولوں کی تزئین و آرائش اور تعمیر نو کی ہے، ایک لاکھ سے زائد اسٹریٹ لائٹس نصب کر کے انہیں روشن کیا ہے، ماڈل محلے تیار کیے ہیں، ماڈل کالونی ٹاؤن میں بیسک ہیلتھ یونٹ کا 90 فیصد کام ہو چکا ہے، ہم اس شہر کے لوگوں کو صحت کی سہولیات بھی فراہم کر رہے ہیں، جماعت اسلامی فائلیں پھینک کر جانے والی نہیں بلکہ خدمت کرنے والی جماعت ہے، نعمت اللہ خان نے اس شہر کو کے تھری کا منصوبہ دیا، آج 22 سال ہو چکے لیکن کے فور منصوبہ بننے کا نام نہیں لے رہا، 25 ارب کا یہ منصوبہ آج 126 ارب تک پہنچ گیا ہے، شہر میں سیوریج کا نظام تباہ حال ہے، جماعت اسلامی سیوریج کے مسائل حل کرنے کے لیے بھی کوشاں ہیں۔#

بقیہ نمبر 18

میں شکار کیا، انگز میں خراب کارکردگی کے ساتھ ہی بابر اعظم نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں آٹھویں مرتبہ صفر پر آؤٹ ہونے کا شاہد آفریدی کا ناپسندیدہ ریکارڈ برابر کر دیا۔ 8ویں مرتبہ صفر پر آؤٹ ہونے کے بعد بابر اعظم ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں سب سے زیادہ مرتبہ صفر پر آؤٹ ہونے والے پاکستانی کھلاڑیوں کی فہرست میں شاہد آفریدی کے ساتھ تیسرے نمبر پر آ گئے، اس فہرست میں عمر اکمل، صائم ایوب اور کامران اکمل بھی شامل ہیں۔ خیال رہے کہ پاکستان کے خلاف 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں جنوبی افریقہ نے 55 رنز سے کامیابی حاصل کی ہے، 195 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان کی پوری ٹیم 18.1 اوورز میں 139 رنز ہی بنا سکی۔

بقیہ نمبر 19

نے انکشاف کیا کہ ہم سب سمجھتے ہیں کہ ہم بہت مضبوط ہیں، ہر قسم کے حالات کا سامنا کر لیں گے لیکن یہ حالات ایک دن ہارٹ اٹیک، انزائٹی اور ڈپریشن کی صورت بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ صبا قمر کا کہنا تھا حال ہی میں نے ان بیماریوں کا سامنا کیا ہے، مجھے ذہنی دباؤ کی وجہ سے معمولی ہارٹ اٹیک ہوا جس کے اگلے ہی روز میری انجیوگرافی کی گئی لیکن اللہ کا شکر ہے کہ میں اب بہتر ہوں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ڈاکٹرز نے مجھے ہارٹ اٹیک کی 20 وجوہات بتائیں، لازمی نہیں کہ ہارٹ اٹیک صرف کولیسٹرول کی وجہ سے ہی ہو، بعض اوقات تناؤ، کوئی تکلیف بھی آپ کے جسمانی اعضا کو تباہ کر رہی ہوتی ہے، ہم آج تک ذہنی صحت کو سنجیدہ نہیں لیتے جو کہ سب سے زیادہ اہم ہے لیکن میں لوگوں کو یہی کہنا چاہوں گی کہ ذہنی صحت کو نظر انداز نہ کریں۔

بقیہ نمبر 20

[illegible]

مزید کہا کہ سندھ کے نوجوان باصلاحیت ہیں، بس انہیں مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے یہ پورٹل شفافیت اور میرٹ کے ذریعے نوجوانوں کو ان کی محنت کا حق دلائے گا، اور یہی حقیقی عوامی خدمت ہے جس کا پیپلز پارٹی نے ہمیشہ وعدہ نبھایا ہے انہوں نے آخر میں کہا کہ: سندھ حکومت کے اس اقدام سے ہزاروں نوجوانوں کے لیے ترقی کے دروازے کھلیں گے، اور بلاول بھٹو زرداری کا خواب ایک بااختیار، تعلیم یافتہ اور روزگار یافتہ نوجوان نسل حقیقت بنے گا

بقیہ نمبر 21

امیدوار غلام سرور بلیدی ایڈووکیٹ آف سپریم کورٹ . امیدواران برائے دادو جامشورو سیٹ عبدالحکیم چانڈیو ایڈووکیٹ اور راجہ جواد ساحر ایڈووکیٹ آف سپریم کورٹ نے تحریک لبیک پاکستان لائرز ونگ کے آفس کا دورہ کیا اور ٹی ایل پی کے صوبائی لیگل ایڈوائزر سندھ سلیمان سروری ایڈووکیٹ سینئر قانون دان بلال راجپوت ایڈووکیٹ اور دیگر وکلا دوستوں سے ملاقات کی اور سندھ بار کونسل کے انتخابات میں ٹی ایل پی کی حمایت کی درخواست کی گئی

بقیہ نمبر 22

دو غیر قانونی بلڈ بینک کو سیل کرتے ہوئے باقی کچھ بلڈ بینک اور لیبارٹریز کو اپنے تمام ریکارڈ اور مطلوبہ سامان مکمل کرنے کے لیے تنبیہ کی گئی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے خون کے عطیات کے محفوظ طریقہ کار، اسکریننگ لیبارٹریز، اور بلڈ اسٹوریج سسٹم کا جائزہ لیا سیکریٹری نے عملے کو ہدایت دی کہ بلڈ ڈونیشن کے تمام مراحل عالمی معیار کے مطابق شفافیت کے ساتھ انجام دیے جائیں تاکہ مریضوں کو محفوظ خون کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے بلڈ بینک کے ریکارڈ اور سہولیات کے جائزہ کے لیے وقت بہ وقت سانگھڑ سمیت تمام اضلاع کا دورہ کر کے غیر قانونی بلڈ بینک کے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کرنے اور قانون کے مطابق سزائیں دلانے کا اعلان بھی کیا اسسٹنٹ کمشنر شفیق احمد اریسر نے ہیلتھ کیئر کمیشن کے تحت کارروائیوں سے آگاہ کیا اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول اسپتال سانگھڑ ڈاکٹر آفتاب اعظم سریوال، ڈاکٹر فاروق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سمیت لیبارٹری مالکان اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 23

اسٹاک اینڈ فشریز ڈاکٹر کاظم حسین جتوئی، ایم ڈی کراچی فشریز ہاربر اتھارٹی زاہد کھمیٹیو، ایف سی ایس اور ہاربر اتھارٹی کے اعلی افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کی چیئرپرسن فاطمہ مجید نے کہا کہ فیسوں میں رعایت دی جائے، جس پر وزیر محمد علی ملکانی نے کہا کہ ایسی رعایت کے لیے آپ یہ معاملہ کراچی فش ہاربر اتھارٹی کے بورڈ میں لائیں، جہاں اس پر بحث کے بعد بورڈ کے منظور شدہ قواعد کے مطابق رعایت پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ اس معاملے کی تحقیقات کی جائیں اور جلد از جلد مسئلہ حل کیا جائے تاکہ ماہی گیر بھائیوں کو اپنی شکار کی گئی مچھلی مارکیٹ میں لانے میں جو مشکلات ہیں، وہ دور کی جا سکیں۔ محمد علی ملکانی نے کہا کہ ماہی گیر بھائیوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ اپنا شکار اور روزگار آسانی سے جاری رکھ سکیں۔

بقیہ نمبر 24

کے مرکزی نائب صدر برائے بلوچستان وڈیرہ رجب علی رند کے کزن اور معروف کاروباری شخصیت محمد ہاشم رند، حاجی یونس رند، حاجی صالح رند، نظام رند، ظفر رند کے والد حاجی وزیر خان رند اور واجہ عبدالغنی رند کے انتقال پر ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں سردار اختر جان مینگل نے بی این پی مینگل ہاؤس حب میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری بشیر مینگل اور کونسلر لالہ سعید مینگل سے بھی ملاقات کی، اور ان کے کزن عبدالغنی مینگل کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ بی این پی کے رہنما شفیع مینگل، رجب مینگل، کلیم کاکڑ، عابد قلندرانی اور دیگر پارٹی عہدیداران بھی موجود تھے۔ دورہ حب کے دوران سردار اختر جان مینگل نے بی این پی کے سینئر رہنماں اور کارکنان سے تنظیمی امور پر بھی بات چیت کی۔ تقریب میں شریک دیگر اہم شخصیات میں سینئر نائب صدر حاجی محمد مینگل، مولادار رند، عبدالصمد مینگل)قطر(عبدالقدیر مینگل، اور حاجی دوپر شامل تھا

بقیہ نمبر 25

دونوں رہنماں نے مصافحہ بھی کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک افغان مسئلے کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ جس طرح ہر گھر میں اختلافات پیدا ہوتے ہیں، انہیں بھی بات چیت کے ذریعے حل کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ استنبول میں پاکستان اور افغان طالبان رجیم کے درمیان مذاکرات ناکام ہو گئے ہیں، پاکستان نے دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں اور معاونین کے خلاف کارروائی کا اعلان کر دیا ہے۔ مذاکرات کے بعد وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ بات چیت میں قابل عمل حل نہیں نکالا جا سکا، طالبان نے شواہد کے باوجود سرحد پار دہشت گردی روکنے کی کوئی ضمانت نہیں دی، پاکستان دہشت گردوں اور ان کے حامیوں کو ختم کرنے کیلئے کارروائیاں جاری رکھے گا، افغان وفد نے بار بار گفتگو کے اصل مسئلے سے رخ موڑا اور کلیدی نکتے سے انحراف کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے جو شواہد پیش کئے وہ کافی اور ناقابل تردید تھے، مذاکرات کا واحد ایجنڈا پاکستان پر افغان سرزمین سے حملوں کو روکنا تھا۔

بقیہ نمبر 26

تین ججوں نے کہا مجھے چیئرمین سے ملنے دیا جائے لیکن جب میں اڈیالہ گیا تو صرف ایک حوالدار نے روک لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ 26ویں ترمیم نے ہمارے ججوں کو مفلوج کر دیا ہے، اگر آج کوئی یہ کہہ رہا ہے کہ آگ لگی ہوئی ہے اور میرا گھر نہیں جلے گا تو ان کی سوچ ہے ان کے گھر بھی جلیں گے، ارشد شریف، چیف جسٹس وقار اور دیگر کئی نام ہیں ہم نے آواز اٹھائی ہے ہمیں بندوق کا مقابلہ کرنا ہے، ہم [illegible]

کہ سنا ہے کہ میں یہاں بار کونسل کے انتخابات پر اثر انداز ہونے کے لیے آرہا ہوں۔ وزیراعلی محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ میں یہاں صرف رول آف لا کے لیے آیا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں بانی پی ٹی آئی سے پالیسی گائیڈ لائنز کے لیے ملنا چاہتا ہوں، میں نے محکمہ داخلہ کو کہا کہ پنجاب اور وفاق کو ملاقات کے لیے خطوط لکھیں۔ سہیل آفریدی کا مزید کہنا تھا کہ میں نے عدالت میں بھی ملاقات کے لیے درخواست دائر کردی ہے۔

بقیہ نمبر 27

دوطرفہ تعلقات اور تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستان اور الجزائر کے درمیان تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک نے اقوام متحدہ سمیت عالمی فورمز پر تعاون بڑھانے کا عزم کیا، اسحاق ڈار اور احمد عطاف نے دوطرفہ روابط کے مثبت رجحان پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 28

کہنا تھا کہ سپریم کورٹ آئینی بنچ کے سامنے شبلی فراز کی درخواست پر سماعت تھی، ہم نے الیکشن کمیشن کی جانب سے نااہلی کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ میں سماعت ملتوی ہوئی تھی آج سپریم کورٹ نے کالعدم قرار دے دیا، ہائیکورٹ کو ڈائریکشن جاری کی گئی ہیں کہ دونوں فریقین کو سن کر فیصلہ کریں۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ مجھے افسوس ہے کل سینیٹ کا الیکشن ہو رہا ہے، ہم نے سینیٹ کا الیکشن نہ کرانے کیلئے درخواست بھی دی تھی، عدالت نے کہا ہم مزید پیچیدگیوں میں نہیں جانا چاہتے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عدالت نے کہا اور بھی بہت سارے لوگوں کے نااہلی کے معاملات اس سے منسلک ہیں، امید ہے ہائیکورٹ میں کیس چلے گا تو ہمیں ریلیف ملے گا، الیکشن کمیشن کے پاس اختیار نہیں کہ چیئرمین سینیٹ کے ریفرنس کے بغیر کسی سینیٹر کو نااہل کرے۔

بقیہ نمبر 29

میں چودھری یاسین، لطیف اکبر، فیصل ممتاز راٹھور اور سردار یعقوب خان کا نام شامل تھا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے چودھری یاسین کا نام فائنل کر لیا، پارٹی کی جانب سے باقاعدہ اعلان کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد بھی آئندہ 24 گھنٹے میں پیش کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 30

شہادت کے رتبے پر فائز ہوگئے۔ کیپٹن نعمان سلیم کا تعلق پنجاب کے ضلع میانوالی سے تھا اور پاک فوج کے نوجوان میڈیکل افسر تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہید ہونے والے جوانوں میں خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی سے تعلق رکھنے والے 39 سالہ حوالدار امجد علی، راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے 36 سالہ نائیک وقاص احمد، سندھ کے ضلع شکارپور سے تعلق رکھنے والے 23 سالہ سپاہی اعجاز علی، ضلع جہلم سے تعلق رکھنے والے 23 سالہ سپاہی محمد ولید اور ضلع خیرپور سے تعلق رکھنے والے 32 سالہ سپاہی محمد شہباز شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کے خاتمے کے لیے آپریشن جاری ہے اور ساتھ ہی نیشنل ایکشن پلان کے تحت وفاقی ایپکس کمیٹی کی منظوری سے انسداد دہشت گردی کی عزم استحکام مہم پورے عزم کے ساتھ جاری ہے تاکہ بیرونی حمایت یافتہ دہشت گرد ناسور کا خاتمہ کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 31

کی وزارت صحت کے مطابق، گزشتہ رات سے جاری اسرائیلی حملوں میں کم از کم 104 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جن میں 46 بچے شامل ہیں، جبکہ 253 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ تازہ اسرائیلی حملوں میں شہید ہونے والوں میں ایک فلسطینی صحافی محمد المنیر اوی اور ان کی اہلیہ بھی ہیں، جو غزہ کے علاقے النصیرات میں ایک خیمے میں پناہ لیے ہوئے تھے۔ دوسری جانب امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے دعوی کیا ہے کہ غزہ میں حماس یا کسی اور نے اسرائیلی فوجی پر حملہ کیا تھا اور اسرائیل سے جواب کی توقع تھی۔ تاہم حماس نے رفح کے قریب ہونے والے فائرنگ کے واقعے میں ملوث ہونے کی تردید کی ہے۔

بقیہ نمبر 32

الرحمان کی رہائش گاہ پہنچا، وفد میں سابق اسپیکر اسد قیصر، صوبائی صدر جنید اکبر، شہرام ترکئی شامل تھے ملاقات میں جے یو آئی کے مولانا صلاح الدین ایوبی، جلال الدین ایڈووکیٹ، مولانا امجد محمود بھی شریک ہوئے۔ جے یو آئی کے اعلامیے کے مطابق ملاقات میں ملکی سیاسی اور خطے کی صورتحال پر گفتگو ہوئی۔ پی ٹی آئی وفد نے خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے قومی جرگہ کی تجویز پر مولانا فضل الرحمان سے مشاورت کی۔ مولانا فضل الرحمان نے قومی جرگہ کی تجویز کا خیر مقدم کیا۔ اعلامیے کے مطابق پی ٹی آئی وفد نے مولانا فضل الرحمان سے پارلیمنٹ میں اپوزیشن کو متحد کرنے کے لیے کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ ملاقات میں محمود خان اچکزئی کے بطور اپوزیشن لیڈر نامزدگی پر بھی اتفاق کیا گیا۔ جے یو آئی کے اعلامیے میں کہا گیا کہ پی ٹی آئی وفد نے کے پی اسمبلی سے سینیٹ کی خالی نشست پر جے یو آئی سے تعاون کی درخواست کی۔

بقیہ نمبر 33

وجہ سے یہ تیزی سے پھیل گئی۔ آگ اس قدر شدید تھی کہ اس کے شعلے کئی فٹ بلند اور دور دور سے نظر آرہے تھے جبکہ جھاڑیوں کے قریب جھگیاں بھی بنی ہوئیں تھیں۔ ریسکیو 1122 کے رضاکاروں نے ہنگامی اقدامات کر کے جھگیوں سے آبادی کے انخلا کو یقینی بنایا جبکہ فائر بریگیڈ کی 8 گاڑیوں نے آگ بجھانے کیلیے اقدامات کیے۔ ہوا کی وجہ سے آگ کراچی یونیورسٹی کی اسٹاف کالونی تک پھیلی جس کی وجہ سے چند گھر متاثر بھی ہوئے جبکہ قریب میں موجود قبرستان تک بھی اس کے شعلے پہنچے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آتشزدگی کے باعث دم گھٹنے سے ایک شخص جاں بحق ہوا جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کیلیے جناح اسپتال منتقل کر دیا، جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت رفیق ولد محمد شریف عمر 52 سال سے ہوئی۔ اس کے علاوہ دھوئیں کی وجہ [illegible]

بقیہ نمبر 34

[illegible]

افسران کو ہدایت کی کہ ہر محکمے کی موجودہ گاڑیوں کی تعداد، حالت، اور ضرورت کے بارے میں مکمل رپورٹ پیش کی جائے تاکہ ضرورت کی بنیاد پر فیصلے کئے جا سکیں، سرکاری گاڑیوں کے ذاتی استعمال یا غیر مجاز مقاصد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ تمام گاڑیوں کا ڈیجیٹل ریکارڈ تیار کیا جائے تاکہ نگرانی مؤثر اور شفاف بنائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 35

راولپنڈی، اسلام آباد وقار چوہان، ڈی جی آپریشنز نیب امجد اولکھ سمیت سینئر حکام موجود تھے۔ سوال و جواب کی طویل نشست میں چیئرمین نیب نے ادارے کی اڑھائی سالہ کارکردگی، قومی دولت کی لوٹ مار میں ملوث بااثر شخصیات کی نشاندہی، ادارہ جاتی کرپشن روکنے، بہتر طرز حکمرانی سمیت دیگر عوامی اہمیت کے تمام امور پر کھل کر مکالمہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ نیب نے اڑھائی سال میں 8 ہزار 397 ارب روپے کی ریکارڈ ریکوری کی، 23 سال کے دوران 883 ارب روپے ریکور کیے، دنیا کے کسی ادارے کا ریکوری ریٹ نیب سے بہتر نہیں ہے، نیب کو مکمل پیپر لیس بنا دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے بیان پر تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے، کسی وزیر یا پارلیمنٹرین کو طلب نہیں کرتے، سپیکر آفس میں خصوصی ڈیسک بنایا ہے، چیف سیکرٹریز اور تمام چیمبرز میں بھی سہولت ڈیسک بنائے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل)ر(نذیر احمد نے کہا کہ سرکاری افسروں، کاروباری افراد کیخلاف شکایات پر متعلقہ ڈیسک کے جواب کے بعد کارروائی ہوتی ہے، اخلاقیات کے علمبردار کئی ملک ہمیں لیکچر ضرور دیتے ہیں، تعاون نہیں کرتے منی لانڈرنگ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ چیئرمین نیب کا کہنا تھا کہ اڑھائی برسوں میں ہم نے نیب کے ایس او پیز بدلے، پارلیمان نے نیب ایکٹ میں 2 بڑی ترامیم کی منظوری دی، ہمارا مقصد خوف و ہراس پیدا کرنا نہیں ان لوگوں کو پکڑنا ہے جو قومی اثاثوں کی لوٹ مار میں ملوث ہیں، پارلیمنٹ نے قانون میں ترمیم کی تھی کہ نیب 50 کروڑ روپے سے زائد کے قومی ثمن میں ملوث افراد کو پکڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ فراڈ کے سہولت کار افسران کیخلاف کارروائی کیلئے متعلقہ حکومتوں کو کیس بنا کر دیا، فرضی اور بے نامی شکایات کی حوصلہ شکنی سے غیر ضروری کیسز کا بوجھ کم ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 36

تصور نہیں کر سکتے۔ وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ جماعت اسلامی، جے یو آئی ف سے سیاسی اختلاف اپنی جگہ لیکن انہوں نے کیلوں والے ڈنڈے نہیں اٹھائے، کسی بھی مذہبی جماعت نیا اس سے پہلے ایسے اوچھے ہتھکنڈے استعمال نہیں کیے۔ مریم نواز نے کہا کہ لبیک ایک مقدس اور تکریم والا لفظ ہے، ہم احرام کی حالت میں اللہ تعالیٰ کے حضور لبیک کہتے ہیں لیکن ماضی میں سیاسی مقاصد کیلئے کچھ جماعتوں کو بنایا گیا، وہ صرف ایک جماعت نہیں بلکہ اس نے لوگوں کے ذہنوں کو زہر آلود کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ امن معاہدے پر فلسطین سمیت پوری دنیا میں مسلمانوں نے خوشیاں منائیں اور ہمارے یہاں آواز آئی کہ ہم اسلام آباد پر چڑھائی کریں گے، اس شرپسند جماعت کے کسی شخص سے فلسطین کے بارے میں ایک جملہ نہیں سنا، صرف یہ سنا کہ مار دو، ان کو گھروں میں جانے نہ دینا۔ مریم نواز نے کہا کہ پی ٹی آئی والے جب تک سیاسی جنگ لڑتے رہے ان کو کسی نے کچھ نہیں کہا لیکن جب پی ٹی آئی نے ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھائے، املاک کو جلایا تو تب ان کا زوال شروع ہوا، پاکستان تحریک انصاف سیاست کی کیٹگری سے نکل چکی ہے۔ وزیراعلی پنجاب نے مزید کہا کہ ہم نے ہماری جماعت نے کبھی ہتھیار نہیں اٹھائے، کسی بھی مذہبی جماعت کو کبھی جدید اسلحہ سے لیس نہیں دیکھا، تمام مذہبی جماعتیں ایسے عناصر سے خود کو علیحدہ کریں، سیاست کرنا سب کا حق ہے، مذہبی جماعتوں کو بھی سیاست کا پورا حق حاصل ہے۔

بقیہ نمبر 37

قابض حکمرانی اور جنگی معیشت کو بچانے کیلئے افغانستان کو ایک اور تنازع میں دھکیل رہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ طالبان حکام اپنی کمزوری اور جنگی دعوں کی حقیقت کو جانتے ہوئے طبل جنگ بجا کر بظاہر افغان عوام میں اپنی بگڑتی ہوئی ساکھ بچانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، اگر افغان طالبان پھر بھی دوبارہ افغانستان اور اس کے معصوم عوام کو تباہ کرنے پر بضد ہیں تو پھر جو بھی ہونا ہے وہ ہو، جہاں تک grave yard of empires کے بیانیے کا تعلق ہے، پاکستان خود کو ہرگز empire نہیں کہتا۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ حقیقت یہ ہے کہ افغانستان طالبان کی وجہ سے اپنے ہی لوگوں کیلئے ایک قبرستان سے کم نہیں، تاریخی اعتبار سے افغانستان سلطنتوں کا قبرستان تو نہیں رہا البتہ ہمیشہ بڑی طاقتوں کے کھیل کا میدان ضرور رہا ہے، طالبان کے دو جنگجو جو خطے میں بدامنی پھیلانے میں اپنا ذاتی فائدہ دیکھ رہے ہیں سمجھ لیں کہ انہوں نے شاید پاکستانی عزم اور حوصلے کو غلط انداز میں لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر طالبان رجیم لڑنے کی کوشش کرے گی تو دنیا دیکھے گی کہ ان کی دھمکیاں صرف دکھاوا تھیں، پاکستان اپنی سرزمین پر کسی بھی دہشت گردانہ یا خودکش حملے کو برداشت نہیں کرے گا اور کسی بھی مہم جوئی کا جواب سخت اور کڑوا ہوگا۔ خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ طالبان رجیم کو چاہیے کہ اپنے انجام کا حساب ضرور رکھیں، کیونکہ پاکستان کے عزم اور صلاحیتوں کو آزمانا ان کے لئے بہت مہنگا ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 38

کیا کہ توہین عدالت کا کیس جمع کرنے کے لئے ہمیں حکم نامے کی تصدیق شدہ کاپی فراہم کی جائے، قانون کی پاسداری کے لیے کیس کو آگے بڑھانے کی خاطر حکم نامے کی کاپی درکار ہے۔ سہیل آفریدی نے خط میں کہا کہ آج کی تاریخ تک ہمیں حکم نامے کی کوئی کاپی تاحال موصول نہیں ہوئی، وزیراعلی خیبر پختونخوا نے ایڈووکیٹ جنرل کے ذریعے اسلام آباد ہائی کورٹ کو خط ارسال کر دیا۔

بقیہ نمبر 39

اسمبلی انجینئر عادل عسکری نے سندھ اسمبلی میں [illegible]

التوا میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ جب تک سڑکوں کا انفراسٹرکچر بہتر نہیں ہوتا، ای چالان سسٹم کو معطل رکھا جائے۔ ساتھ ہی سڑکوں کی مرمت، سگنلز کی بحالی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے جامع منصوبہ بندی شروع کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ ایم کیو ایم نے ایوان سے مطالبہ کیا ہے کہ اس فوری عوامی اہمیت کے مسئلے پر بحث کے لیے اسمبلی کا اجلاس بلایا جائے تاکہ شہریوں کے مسائل کا عملی حل نکالا جا سکے۔

بقیہ نمبر 40

براں کراچی میں سڑکوں کی تعمیر کرنے کے بجائے ای چالان کی مد میں تین دنوں میں تین کروڑ کی وصولی عوام پر ظلم ہے۔ تین کروڑ سے سڑکیں بنانے کے بجائے حکومت اپنی شاہ خرچیوں پر خرچ کرے گی۔ سوال یہ ہے کہ کیا کراچی ہی سب کے لئے تجربہ گاہ ہے۔ پورے سندھ میں قانون لاگو کرنے کے بجائے کراچی کو رگڑا جاتا ہے۔ لیکن جب وسائل خرچ کرنے ہوں تو کرپشن کی نذر ہو جاتے ہیں۔ کراچی کے عوام میں بے چینی پھیل رہی ہے جو مہنگائی، پانی خرید کر پینے اور سڑکیں نہ بننے سے حادثات کا شکار ہو رہے ہیں۔ صوبائی وزرا عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں۔ اس لئے فوری کراچی کی سڑکوں کو بنانے کا عمل تیز کیا جائے اسکے بننے تک ای چالان کا سلسلہ بند کیا جائے۔

بقیہ نمبر 41

تفصیلات کے مطابق خیرپور میں سماج سدھارک تنظیموں کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت خیرپور شہری اتحاد کے صدر میاں غلام حسین فاتح نے کی اجلاس میں ایک قرارداد منظور کر کے ایس آئی یو ٹی اسپتال کی برانچ خیرپور میں قائم کرنے کا مطالبہ کیا میاں غلام حسین فاتح اور دیگر رہنماؤں نے اپنی تقریروں میں کہا کہ خیرپور کراچی کے بعد آبادی حساب سے دوسرا نمبر جبکہ اراضی کے لحاظ سے سندھ کا سب سے بڑا ضلع ہے خیرپور کے شمال میں سکھر شکارپور مغرب میں لاڑکانہ دادو جنوب میں نوشہرو فیروز اور نواب شاہ جبکہ مشرق میں جیسلمیر انڈیا کی سرحدیں ملتی ہیں خیرپور ماضی میں آزاد ریاست رہا ہے خیرپور ریاست 1955ع میں پاکستان میں ضم ہوئی خیرپور کو سیاسی لحاظ سے بڑی اہمیت حاصل ہے یہ خیرپور میں ایس آئی یو ٹی اسپتال کی برانچ قائم کی جائے انہوں نے سندھ حکومت پر زور دیا کہ وہ ایس آئی یو ٹی کے اسپتال چلانے والے محب وطن رہنما ڈاکٹر ادیب الحسن رضوی کے ساتھ بات چیت کر کے خیرپور میں ایس آئی یو ٹی اسپتال کی برانچ قائم کرائے تاکہ خیرپور ضلع کی عوام کو علاج کی بہتر سہولیات میسر ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 42

خلاف ٹھوس شواہد پیش کرنے میں ناکام رہا۔ مقدمے کے دوران عدالت میں بتایا گیا کہ ملزمان پر الزام تھا کہ انہوں نے 9 مئی کے واقعات میں مبینہ طور پر اشتعال انگیزی اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے میں کردار ادا کیا۔ تاہم دوران سماعت کوئی واضح ثبوت یا گواہ پیش نہ کیا جا سکا جو ان الزامات کو ثابت کر سکے۔ فیصلے کے مطابق عدالت نے یہ قرار دیا کہ محض سیاسی بنیادوں پر کسی شخص کو سزا نہیں دی جا سکتی۔ عدالت نے کہا کہ قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، اور اگر شواہد ناکافی ہوں تو ملزمان کو شک کی بنیاد پر فائدہ دینا انصاف کے اصولوں کے عین مطابق ہے۔ بری ہونے والوں میں سلیم سرور جوڑا کے علاوہ شہزاد گل، فیضان خالد بٹ، ندیم عباس، شیخ ملغی، عبدالوہاب، حمزہ سعید اور دیگر کارکن شامل ہیں۔ ان افراد کے خلاف پولیس نے 9 مئی 2023 کے ہنگاموں کے بعد مختلف دفعات کے تحت مقدمات درج کیے تھے۔

بقیہ نمبر 43

میں نمایاں ریلیف فراہم کیا گیا ہے۔ ترمیمی آرڈیننس کے مطابق زرعی انکم ٹیکس جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 نومبر 2025 مقرر کی گئی ہے۔ گورنر سندھ نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے صوبے میں زرعی ترقی کو فروغ ملے گا اور کاشتکار برادری کو حقیقی معنوں میں مالی سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ نمبر 44

فیصلہ بھی کالعدم قرار دیتے ہوئے اپیل نمٹا دی، عدالت نے پشاور ہائیکورٹ کو شبلی فراز کی زیر التوا درخواست پر فیصلہ کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے شبلی فراز کی خالی سیٹ پر سینیٹ الیکشن روکنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ سینیٹ الیکشن میں مداخلت نہیں کریں گے۔ دوران سماعت بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کل شبلی فراز کی نشست پر سینیٹ کا الیکشن ہے، استدعا ہے کہ الیکشن شیڈول معطل کریں۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے کہ سینیٹ الیکشن کے لیے جب آپ نے امیدوار نامزد کر دیا تو پھر حکم امتناع کیوں مانگ رہے ہیں؟ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ امیدوار نامزد کرنا تو مجبوری تھی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے بیرسٹر گوہر سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ خود تحریک انصاف کے چیئرمین ہیں، امیدوار نامزد کیا ہے تو پھر حکم امتناع کیوں مانگ رہے ہیں؟ کل کتنی سیٹوں پر الیکشن ہے؟ وکیل بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ صرف ایک سیٹ پر الیکشن ہے، دو آئینی آفس سے ہمیں بے آبرو کر کے نکالا ہے، آپ الیکشن پر حکم امتناع کر دیں، سینٹ کا الیکشن روک دیں۔ سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے پشاور ہائیکورٹ کے کیس کو غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کرنے کا فیصلہ ختم کر دیا، عدالت نے پشاور ہائیکورٹ کو فریقین کو سن کر فیصلہ کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ نمبر 45

اراکین اسمبلی کے لئے ترقیاتی فنڈز اور جاری منصوبوں کی گارنٹی مانگ لی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر چودھری انوار الحق نے مطالبہ کیا ہے کہ ن لیگ کے وزرا اور ٹکٹ ہولڈرز کو بھی آئندہ الیکشن سے قبل برابری کی بنیاد پر فنڈز دیئے جائیں۔ خیال رہے کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی وزیراعظم آزاد کشمیر چودھری انوار الحق کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر اتفاق کر چکی ہیں اور ذرائع کا اس حوالے سے بتانا ہے کہ پیپلز پارٹی کو تحریک عدم اعتماد کیلئے 36 ارکان کی حمایت حاصل ہو چکی ہے۔ دوسری جانب چودھری انوار الحق نے بھی [illegible]

بقیہ نمبر 46

[illegible]

خرم شہزاد

سستی توانائی کی فراہمی اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کو یقینی بنایا ہے

حکومت نے افراطِ زر کو اوسطاً 5 فیصد تک کم کیا، ٹیکس، توانائی کی قیمتوں اور بین الصوبائی تجارت میں اصلاحات کے مثبت نتائج اب ظاہر ہو رہے ہیں

مشیر خزانہ خرم شہزاد کا پانچویں پاکستان فیوچر آف ریٹیل بزنس سمٹ اینڈ ایکسپو میں حکومت کے اصلاحاتی اور کیش لیس معیشت کے ایجنڈے پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر خزانہ کے مشیر، خرم شہزاد نے بدھ کے روز کراچی میں منعقدہ پانچویں پاکستان فیوچر آف ریٹیل بزنس سمٹ اینڈ ایکسپو کا افتتاح کیا۔ اس سال کی تقریب کا موضوع تھا: "تبدیل ہوتے ہوئے دور میں ریٹیل: پاکستان کی تجارت میں مضبوطی کی تعمیر"۔ افتتاحی اجلاس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے، جناب خرم شہزاد نے حکومت کے جامع اصلاحاتی ایجنڈے کو اجاگر کیا، جس کا مقصد معیشت کو مستحکم کرنا، ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، ڈیجیٹل شمولیت کو فروغ دینا، اور کیش لیس معیشت کی جانب منتقلی کو تیز کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی پالیسیاں ایک شفاف، دستاویزی اور ترقی پر مبنی معیشت کے قیام کے لیے بنائی گئی ہیں، جو کاروباری اعتماد، صنعتی بحالی اور طویل المدتی سرمایہ کاری کو فروغ دے گی۔ جناب شہزاد نے کہا کہ پاکستان کی صارف پر مبنی معیشت کو رکاوٹ کے بجائے توسیع کے موقع کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ ایک نوجوان اور خرچ کرنے کے رجحان والی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

کراچی: پانچویں پاکستان فیوچر آف ریٹیل بزنس سمٹ اینڈ ایکسپو میں شرکا محو ہیں

قطر اسپتال کو ماڈل اسپتال بنایا جائے گا' وزیر صحت سندھ

مریض کی جان بچانا ریاست اور ڈاکٹرز دونوں کی پہلی ذمہ داری ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو کی زیر صدارت اسپتالوں کی ایمرجنسی سروسز کو بہتر بنانے سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں قطر اسپتال اورنگی ٹاؤن کی ایمرجنسی سروسز کو عالمی معیار کے مطابق اپ گریڈ کرنے سے متعلق خصوصی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں آغا خان یونیورسٹی کے وفد، سی ای او سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر احسن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

پیپلز پارٹی مزدوروں، کسانوں، خواتین اور محروم طبقات کے ساتھ کھڑی ہے، شازیہ مری

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر میں استحکام، ترقی اور خوشحالی دیکھنا چاہتی ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور سماجی انصاف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

دہشتگردوں کا جعفر ایکسپریس پر راکٹوں سے حملہ، فائرنگ

نوتال میں مسلح افراد نے جعفر ایکسپریس پر فائرنگ کی اور چار راکٹ داغے

ڈیرہ مراد جمالی (ویب ڈیسک) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے نوتال میں مسلح افراد نے جعفر ایکسپریس پر فائرنگ کی اور چار راکٹ داغے، فورسز کی جوابی فائرنگ سے دہشت گرد فرار ہوگئے۔ فائرنگ اور راکٹ داغے جانے سے بوگیوں کو نقصان پہنچا تاہم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

SHUKRIA BILAWAL
SHAHRAH-E-BHUTTO
TAJ HAIDER BRIDGE
DISTRICT KORANGI
کراچی: جام صادق پل کے قریب نئے نوتعمیر شدہ تاج حیدر پل کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا

گڈاپ ٹاؤن کی حدود میں بیماریوں سے بچاؤ کیلئے اسپرے مہم

اسپرے مہم کی نگرانی فیومیگیشن انچارج راحیل علی آرائیں کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو اور میونسپل کمشنر محمد نواز مہر کی خصوصی ہدایت اور حکومتی احکامات کے تحت گڈاپ ٹاؤن کی حدود میں ڈینگی، ملیریا اور ویکٹر سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے اسپرے مہم جاری ہے۔ اسپرے مہم کی نگرانی فیومیگیشن انچارج راحیل علی آرائیں کر رہے ہیں، جو اپنی ٹیموں کے ہمراہ مختلف یونینز میں موجود ہیں۔ اور اسپرے کے عمل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن سندھ کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے کفایت شعاری کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دادو میں زرعی پانی کی قلت کے خلاف کاشتکار سراپا احتجاج

علامہ آئی آئی قاضی لائبریری سے پریس کلب تک مارچ کر کے دھرنا دیا گیا

دادو (بیورو رپورٹ) دادو میں زرعی پانی کی قلت کے خلاف کاشتکاروں نے احتجاج کیا ہے پیر گنیو نہر میں ٹیل کے مقام پر پانی قلت پر سینکڑوں کاشتکار سڑکوں پر نکل آئے علامہ آئی آئی قاضی لائبریری سے پریس کلب تک کاشتکاروں نے پیدل مارچ کر کے دھرنا نظیر احمد پنہور علی گل جتوئی حاجی سلیمان علی اصغر غلام قادر اور دیگر کا کہنا تھا کہ پیر گنیو نہر میں زرعی پانی کی قلت پر 8 لاکھ ایراضی پر گندم کی کاشت متاثر ہو رہی ہے کاشتکار زرعی پانی قلت پر علاقی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

سابق کپتان بابر اعظم نے صفر پر آؤٹ ہونے کا شاہد آفریدی کا ناپسندیدہ ریکارڈ برابر کر دیا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم نے جنوبی افریقہ کے خلاف صفر پر آؤٹ ہو کر شاہد آفریدی کا ناپسندیدہ ریکارڈ برابر کر دیا۔ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں بابر اعظم جنوبی افریقہ کے خلاف صرف دو گیندوں کا سامنا کر کے بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہو گئے، انہیں کوربن بوش نے پاور پلے کے آخری اوور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

سہیل آفریدی نے بانی سے ملاقات میں صرف منتیں ہی کرنی ہیں، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (ویب ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات میں صرف منتیں ہی کرنی ہیں۔ ایک بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبائی کابینہ نہ ہونے کے باعث بہت سی اہم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

گورنر سندھ نے زرعی انکم ٹیکس سے متعلق آرڈیننس جاری کر دیا

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے "سندھ ایگریکلچرل انکم ٹیکس ایکٹ 2025 (ترمیمی) آرڈیننس" جاری کر دیا۔ اس آرڈیننس کے تحت صوبے بھر کے کاشتکاروں کو زرعی آمدنی پر ٹیکس کی مد .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

9 مئی کیس، سابق صدر پی ٹی آئی گجرات سلیم جوڑا سمیت 30 کارکن بری

گجرات (ویب ڈیسک) 9 مئی واقعات کے اہم مقدمے میں سابق ایم پی اے اور سابق صدر تحریک انصاف گجرات چودھری سلیم سرور جوڑا سمیت 30 کارکنوں کو عدالت نے باعزت بری کر دیا۔ سینئر سول جج سید تہذیب الحسن نقوی نے سپریم کونسل کے رہنما شمشاد اللہ ملی کے تفصیلی دلائل سننے کے بعد یہ فیصلہ سنایا، عدالتی فیصلے کے مطابق استغاثہ ملزمان کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

شبلی فراز کی نشست پر سینیٹ الیکشن کا شیڈول معطل کرنیکی استدعا مسترد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز کی نشست پر سینیٹ الیکشن کا شیڈول معطل کرنے کی استدعا مسترد کر دی۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بنچ نے درخواست پر سماعت کی۔ آئینی بنچ نے شبلی فراز کی اپیل پر پشاور ہائیکورٹ کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

KMC WORK IN PROGRESS
کراچی: اورنگی ٹاؤن میں محکمہ مقامی حکومت کی نگرانی میں سڑکوں اور گلیوں کا کام ہو رہا ہے

خیرپور میں ایس آئی یو ٹی کی برانچ قائم کرنے کی قرارداد منظور

خیرپور (پاکستان بلیٹن) خیرپور شہری سماج سدھارک تنظیموں کا اہم اجلاس منعقد خیرپور میں ایس آئی یو ٹی اسپتال کی برانچ قائم کرنے کی قرارداد منظور کر لی گئی میاں غلام حسین فاتح نے اجلاس کی صدارت کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

افواج کے شانہ بشانہ 24 کروڑ عوام موجود ہیں' ایم پی پی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میری پہچان پاکستان کی مرکزی کمیٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کی افواج کے شانہ بشانہ پوری 24 کروڑ عوام موجود ہیں۔ افغانستان ہو یا بھارت کوئی بھی ملک کی طرف میلی نگاہ سے دیکھے گا نشان عبرت بنے گا۔ پاکستان امن پسند ملک ہے لیکن جارحیت کا جواب دینا جانتا ہے۔ یہ وقت متحد قوم بن کر پاکستان کی طاقت بننے کا ہے۔ مزید .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

امریکی صدر

پاکستان کے فیلڈ مارشل بہت زبردست فائٹر ہیں

پاکستان اور بھارت آپس میں لڑائی پر اتر آئے تھے، 7 طیارے مار گرائے گئے، یہ بہت بڑی بات تھی کیونکہ یہ دونوں ایٹمی طاقتیں ہیں

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل بہت اچھے آدمی ہیں، پاکستان کو بھی فون پر کہا کہ تجارت نہیں کریں گے کیونکہ تم بھارت سے لڑ رہے ہو

گیونگجو (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو زبردست فائٹر قرار دیا ہے۔ جنوبی کوریا میں ایپک سی ای او سمٹ کے ظہرانے میں گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل بہت اچھے آدمی ہیں جب کہ فیلڈ مارشل بہت زبردست فائٹر ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ پاکستان اور بھارت آپس میں لڑائی پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

علیمہ خان کا پاسپورٹ اور شناختی کارڈ بلاک کر دیا گیا

اے ٹی سی جج امجد علی شاہ نے علیمہ خان کا پاسپورٹ، شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم دیا تھا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) انسداد دہشت گردی کی عدالت کے حکم پر عمران خان کی بہن علیمہ خان کا پاسپورٹ بلاک کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں عدم پیشی پر احکامات جاری کیے تھے، نادرا حکام نے پاسپورٹ بلاک کرنے کی رپورٹ جمع کروا دی۔ اے ٹی سی جج امجد علی شاہ نے علیمہ خان کا پاسپورٹ، شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم دیا تھا۔ کل 30 اکتوبر گواہان کے بیان ریکارڈ ہونگے 5 گواہان کی طلبی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کراچی: صدر میں غیر قانونی پتھاروں کی وجہ سے ٹریفک کو روانی میں مسائل کا سامنا ہے

صحافیوں کو دھمکیوں سے خاموش کرانے کی کوششیں شرمناک ہیں' حیدرآباد بار

حیدرآباد (چیف رپورٹر) حیدرآباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے حیدرآباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران ٹان اور یونین کمیٹی کے چیئرمینوں کی جانب سے صحافیوں کو دی گئی دھمکیوں اور دباؤ ڈالنے کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

سندھ کے ہر انچ کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، سسی پلیجو

لایا جانے والا بل رات کے اندھیرے میں منظور کروایا گیا تو سندھ محاذ پر مقابلہ کرے گا

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) سابق سینیٹر اور پیپلز پارٹی کی رہنما سسی پلیجو نے خبردار کیا ہے کہ ملک میں ممکنہ طور پر پیش کی جانے والی 27 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے ملک کو نو (9) انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنے کا خطرناک منصوبہ شامل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کا مقصد صوبوں کو کمزور کر کے وفاق اور مخصوص سیاسی مفادات کو تقویت دینا ہو سکتا ہے۔ سندھ کو بھی دو انتظامی یونٹس میں تقسیم کر کے نئے صوبے تشکیل دینے کی سازش کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

ڈی جی کے ڈی اے آصف جان صدیقی سے وفد کی ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی آصف جان صدیقی سے کے ڈی اے سی بی اے کے نمائندہ وفد نے سوک سینٹر میں ملاقات کی۔ وفد نے ادارے کے ملازمین کے مسائل، تنخواہوں، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

تحریک انصاف کا "پی پی بھگاؤ سندھ بچاؤ تحریک" شروع کرنیکا اعلان

ماضی یا حال میں جو بھی غیر قانونی یا ہارس ٹریڈنگ ہوئی ہے، اس کا مرکز پی پی سندھ ہاؤس ہے' صدر سندھ حلیم عادل شیخ

کراچی اور حیدرآباد میں ڈینگی وبائی صورت اختیار کر چکا ہے، جس کی وجہ سے سرکاری اور نجی دونوں اسپتال بھر چکے ہیں

حیدرآباد (ویب ڈیسک) تحریکِ انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے حیدرآباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے جلد ہی "پی پی بھگاؤ، سندھ بچاؤ تحریک" شروع کی جائے گی، ماضی یا حال میں جو بھی غیر قانونی یا ہارس ٹریڈنگ ہوئی ہے، اس کا مرکز پی پی سندھ ہاؤس ہے۔ انہوں نے کہا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

فش ہاربر پر ماہی گیروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا فیصلہ

ماہی گیروں کو آئین کے مطابق حقوق اور سہولیات فراہم کی جائیں گی، صوبائی وزیر محمد علی ملکانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز محمد علی ملکانی نے کہا ہے کہ کراچی فش ہاربر پر ماہی گیروں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، شکار سے لے کر مچھلی مارکیٹ تک انہیں درپیش مشکلات کو ایف سی ایس کے ساتھ بیٹھ کر آئین و قانون کے مطابق حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ یہ بات انہوں نے فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کی چیئرپرسن فاطمہ مجید کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس میں کہی۔ اس موقع پر سیکرٹری لائیو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

حیدرآباد: پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سیکریٹری سندھ بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کا سانگھڑ کا دورہ

سانگھڑ، ٹنڈو آدم اور شہدادپور میں بلڈ بنک کا جائزہ لیا' ریکارڈ بھی چیک کیا

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) ہیپاٹائٹس بی، سی، HIV، ملیریا اور دیگر امراض کی روک تھام کے لیے صوبائی وزیر صحت عذرا فضل پیچوہو کی خصوصی ہدایت کے بعد سیکریٹری سندھ بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی ڈاکٹر درناز جمال قاضی کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر سانگھڑ شفیق احمد آریسر کے ہمراہ سانگھڑ کا اچانک دورہ کر کے سانگھڑ، ٹنڈو آدم اور شہدادپور میں بلڈ بنک کا جائزہ لیا دورے کے دوران انہوں نے بلڈ بینک اور لیبارٹریز کا ریکارڈ چیک کیا اور ٹنڈو آدم میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

سردار اختر جان مینگل کا تعزیتی دورہ' کارکنان سے ملاقاتیں

حب (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے سربراہ سردار اختر جان مینگل حب پہنچے، جہاں انہوں نے متعدد تعزیتی ملاقاتیں اور پارٹی کارکنان سے ملاقاتیں کیں۔ سردار اختر جان مینگل نے بی این پی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

کراچی یونیورسٹی کے قریب جھاڑیوں میں آتشزدگی، ایک شخص جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی یونیورسٹی کے عقب میں جھاڑیوں میں لگنے والی آگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دو زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی یونیورسٹی کے عقب میں واقع گلشن نور کے قریب جھاڑیوں میں آگ لگی اور خشک پتوں کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

کراچی: محنت کش اپنے خاندان کی کفالت کے لیے جھاڑو فروخت کر رہا ہے

یومِ جمہوریہ ترکی پر ابن سینا یونیورسٹی کی مبارکباد

میرپورخاص (بیورو چیف) چانسلر ابن سینا یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سید رضی محمد نے یوم جمہوریہ ترکی (29 اکتوبر) کو ترکی کے عوام اور حکومت کو ابن سینا یونیورسٹی کی جانب سے یوم جمہوریہ کے موقع پر دل کی گہرائیوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

سجاول کی ساحلی پٹی میں پولیو مہم ایک بڑا چیلنج ہے' غلام پرور سومرو

جاتی (پاکستان بلیٹن) سجاول ضلع کی ساحلی پٹی میں پولیو مہم ایک بڑا چیلنج ہے، مہم کی کامیابی میں رضاکاروں کی محنتیں شامل ہیں، یہ بات نیشنل اسٹاف ٹرانسمیشن آف پولیو کے ڈاکٹر غلام پرور سومرو نے الوداعی تقریب .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

کے پی کابینہ میں وزارتوں کیلئے ایک ارب سے 70 کروڑ تک کی بولی لگ رہی ہے، عظمیٰ بخاری

نواز شریف کے ہیلتھ کارڈ پر اپنی مہر لگوانے والے ہمیں کس منہ سے طعنے دے رہے ہیں؟

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے الزام لگایا ہے کہ خیبر پختونخوا (کے پی) میں نئی کابینہ کے لیے ابھی سے بولیاں لگ رہی ہیں۔ عظمیٰ بخاری کے مطابق اچھی وزارتوں کے لیے ایک ارب سے 70 کروڑ روپے تک کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

سندھ بار کونسل کی انتخابی سرگرمیاں جاری

حیدرآباد (چیف رپورٹر) سندھ بار کونسل انتخابی سرگرمیاں جاری امیدواران کی ٹی ایل پی لائرز ونگ سے ملاقاتیں سندھ بار کونسل کے انتخابات 2025-2030 میں حیدرآباد سیٹ پر انتخاب لڑنے والے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

جاب پورٹل کا افتتاح نوجوان دوست اقدام ہے' اعزاز حسین

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی یوتھ ونگ ضلع حیدرآباد کے نائب صدر اعزاز حسین پنہور نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی جانب سے "سندھ جاب پورٹل" کا افتتاح سندھ کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

ذہنی دباؤ کی وجہ سے دل کا معمولی دورہ پڑا، انجیوگرافی کرانی پڑی، اداکارہ صبا قمر کا انکشاف

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کی نامور اداکارہ صبا قمر نے انکشاف کیا ہے کہ ذہنی دباؤ کے باعث دل کا معمولی دورہ پڑا جس کے اگلے ہی روز میری انجیوگرافی کی گئی۔ صبا قمر نے حال ہی میں ایک انٹرویو دیا جس دوران انہوں نے اپنے کیریئر سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ ذہنی صحت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے صبا قمر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

منعم ظفر

سندھ حکومت نے کراچی کو سونے کی چڑیا سمجھ رکھا ہے

بدل دو نظام، اجتماعِ عام عدل و انصاف کے قیام کی جدوجہد میں اہم سنگِ میل ثابت ہوگا، اہل کراچی اہل خانہ کے ہمراہ شرکت کریں

عوام اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ کا شکار، آدھا شہر پانی سے محروم، ٹینکر مافیا کا راج، ٹرانسپورٹ میسر نہیں، ملیر کا لا بورڈ پر ممبر کنونشن سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت نے کراچی کو سونے کی چڑیا سمجھ رکھا ہے، کراچی سے وسائل تو لیتی ہے اہل کراچی کے مسائل حل نہیں کرتی، بلدیاتی اداروں کے اختیارات و وسائل نچلی سطح پر منتقل کرنے کو تیار نہیں، ملک میں سب سے زیادہ ٹیکس دینے اور سندھ کے بجٹ کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17